رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۳۸

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ
عَسَىٰ أَن يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

تار کا پتہ الفضل قادیان

# THE ALFAZL
## QADIAN

# اخبار الفضل

ہفتہ میں دوبار

فی پرچہ ۲ آنہ

قادیان

جماعت احمدیہ کا مسلمہ آرگن جسے ۱۹۱۳ء میں حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ادارت میں جاری فرمایا

نمبر ۷۴ | مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۸ء | یوم سہ شنبہ | مطابق ۲۷ رمضان ۱۳۴۶ھ | جلد ۱۵

Digitized by Khilafat Library Rabwah

## ۲۲ مارچ ۱۹۲۸ء کو ہر جگہ احمدی انجمنیں دعا کریں کا انتظام کریں

جیسا کہ اخبار الفضل مورخہ ۱۶ مارچ میں اعلان کیا گیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز بتاریخ ۲۲ مارچ ۱۹۲۸ء بروز جمعرات بعد نماز عصر مسجد اقصیٰ قادیان میں مقامی جماعت کے ساتھ دعا فرمائیں گے آپ بھی چاہیے۔ اپنی جگہ پر اس وقت دعا کا انتظام فرمائیں۔

خاکسار میرزا بشیر احمد ناظر تعلیم و تربیت قادیان

## مدینۃ المسیح

حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ بنصرہ کی صحت خدا کے فضل و کرم سے اچھی ہے۔

سائمن کمیشن کے جو ممبر گورداسپور آرہے ہیں ان سے ملنے اور مسلمانوں کے مطالبات سے انہیں آگاہ کرنے کے لئے۔ احمدیہ جماعت کا ایک وفد گورداسپور جا رہا ہے جس کے ممبر ضلع کے بعض معزز احمدی زمینداروں کے علاوہ قادیان سے لفٹننٹ مرزا شریف احمد صاحب چوہدری فتح محمد صاحب ایم۔ اے مفتی محمد صادق صاحب و چند دیگر اصحاب ہیں۔ اس کے علاوہ جماعت احمدیہ کا ایک وفد کمیشن سے ملنے کے لئے ۲۱ تاریخ کو لاہور جائیگا۔

مولوی اللہ دتا صاحب جالندھری تحصیل ... میں ایک مباحثہ کے لئے بھیجے گئے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# پُرانی نظموں کے متعلق بیجا شور!

## مسلمان اخبارات کی غلط فہمی کا ازالہ

ہمارے دیرینہ کرم فرما غیر مبایعین ابھی اب تک نہ صرف اپنے اخبار "پیغام صلح" میں بلکہ دوسرے اخبارات کے ذریعہ بھی ایک نیا فتنہ کھڑا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور وہ اس طرح کہ قاضی محمد یوسف صاحب پشاوری کی دیرینہ اردو و فارسی نظموں کے مجموعے جو عرصہ ہوا شائع ہو چکے ہیں۔ انہیں "شر انگیز اور منافرت خیز رسائل" قرار دے کر گورنمنٹ سے تحریک کی گئی ہے۔ کہ انہیں ضبط کرے اور مسلمانوں کو ان کے متعلق مشتعل کیا گیا ہے۔ غیر مبایعین سے تو ہمیں کوئی شکوہ نہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ معزز معاصر "انقلاب" اور بعض دوسرے مسلمان اخبارات بھی اس دھوکہ میں آ گئے۔ جو غیر مبایعین کی طرف سے دیا گیا اور انہوں نے سمجھ لیا کہ یہ ٹریکٹ حال میں شائع کئے گئے اور ان میں جو نظمیں درج ہیں۔ وہ اب لکھی گئی ہیں۔ حالانکہ اگر ان رسالوں کو سرسری نظر سے بھی دیکھ لیا جاتا۔ تو صاف معلوم ہو جاتا۔ کہ نظمیں ۱۹۱۹ء سے لیکر ۱۹۲۴ء کے نصف اول تک کی ہیں۔ اور ۱۹۲۴ء میں ہی یہ مجموعہ شائع کیا گیا تھا۔ گو اب - پھر ان میں سے بہت سی نظمیں ایسی ہیں جو سلسلہ کے اخبارات میں اسی وقت چھپ چکی ہیں۔ جس وقت وہ واقعات ظہور میں آئے۔ جن کا ذکر ان میں کیا گیا ہے۔

پس اگر کسی نے ان پرانی نظموں کا مجموعہ شائع کیا۔ اور آج سے بہت عرصہ قبل شائع کیا۔ تو اس کی ذمہ داری نہ اس شخص پر عائد ہو سکتی ہے۔ جس نے وہ نظمیں موقعہ اور محل کے لحاظ سے کسی وقت کہیں اور نہ ہماری جماعت پر کوئی ذمہ داری ڈالی جا سکتی ہے دیکھنا یہ چاہیئے۔ کہ ہماری موجودہ روش کیا ہے۔

معاصر "انقلاب" کو شکایت یہ ہے کہ

"جس حالت میں افغانستان کا بلند ہمت شہریار وطن سے نکل کر اپنے فضائل و محاسن کے باعث ساری دنیا سے خراج تحسین و عقیدت وصول کر رہا ہے۔ مسلمان کا ہندوستان و افغانستان کی سرحد پر [illegible] شہریار غازی کے مداحوں اور فدائیوں کی کثرت ہے۔ اس قسم کی ہرزہ سرائی کرنا امن عامہ کے لئے نہایت خطرناک ہے۔"

بالآخر لکھا ہے۔

"ہم حکومت سے کسی قسم کا مطالبہ کرنے سے پیشتر خود مرزا بشیر الدین احمد صاحب امام جماعت احمدیہ قادیان کی توجہ اس مکروہ کتاب کی طرف مبذول کراتے ہیں۔ کہ وہ بدرجہ آخر مصالح ملی کو مدنظر رکھکر اس کتاب کی اشاعت کو بند کرا دیں گے۔"

مگر ہم معاصر موصوف کو بتانا چاہتے ہیں۔ کہ ان رسالوں میں درج شدہ نظمیں نہ تو اس وقت کی ہیں۔ جبکہ "افغانستان کا بلند ہمت شہریار اپنے وطن سے نکل کر اپنے فضائل و محاسن کے باعث ساری دنیا سے خراج تحسین و عقیدت وصول کر رہا ہے" اور نہ یہ رسالے اب شائع کئے گئے ہیں۔ جو نظمیں افغانستان کے متعلق ہیں۔ وہ اُسی وقت کی ہیں جبکہ ان میں بیان کردہ واقعات پیش آئے۔ اور گذشتہ واقعات سے موجودہ حالت پر قیاس کرنا کسی صورت میں درست نہیں ہو سکتا۔

"انقلاب" خود غور کر سکتا ہے۔ کہ اس کے عملۂ ادارت کی ان تحریروں سے جو زمیندار میں کام کرتے وقت مولوی ظفر علی صاحب کی تعریف میں شائع کی گئی تھیں۔ اب جبکہ حالات میں تغیر واقعہ ہو چکا ہے۔ استدلال کرنے والا کہاں تک حق بجانب ہوگا۔ یہی صورت حالات ان نظموں کے متعلق ہے۔ وہ اس وقت لکھی اور شائع کی گئیں۔ جب وہ دردناک اور روح فرسا واقعات پیش تھے۔ جن کا ان میں ذکر ہے۔ مگر باوجود اس کے کہ اس وقت تک بھی کابل ہمارے حق میں ویسا ہی ہے۔ جیسا پہلے تھا ہم نے شاہ کابل کے ہندوستان میں وارد ہونے پر ان کی پوری پوری تعظیم و تکریم کی۔ تہنیت اور مبارکباد کے پیغام بھیجے۔ اور احمدیہ مشن لنڈن کو بھی حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت فرمائی۔ کہ جب شاہ کابل لنڈن میں وارد ہوں۔ تو ان کا خیر مقدم کیا جائے۔ چنانچہ رائٹر کا تار شائع ہو چکا ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ احمدیہ مشن لنڈن نے اپنے امام کے ارشاد کی پورے طور پر تعمیل کی۔

پس مسلمانوں کو کابل اور والئی کابل کے متعلق ہمارا موجودہ رویہ دیکھنا چاہیئے۔ نہ کہ اس وقت کی تحریروں سے استدلال کرنا چاہیئے۔ جب روح فرسا واقعات نے دنیا ہماری آنکھوں میں اندھیر کر رکھی تھی۔ اور جب مظلوم اور بے بس احمدیوں کی دردناک موت پر ساری دنیا کے دردمند آنسو بہاتے تھے۔

یہ تو ہمارا جواب ہے عام مسلمانوں کو۔ باقی رہے غیر مبایعین انہیں سب سے بڑی شکایت یہ ہے۔ کہ

"ہماری جماعت کی سب سے بڑی ہستی جن کے نام نامی اور [illegible] اسلامی سے ہر مسلمان واقف ہے۔ یعنی حضرت مولانا مولوی محمد علی صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور کو بے اندازہ اور بے نقط گالیاں دی ہیں۔" (پیغام صلح ۲۹ فروری)

ہمارے نزدیک تو ان نظموں میں گالیاں نہیں بلکہ واقعات کا اظہار ہے۔ لیکن اگر غیر مبایعین کی خاطر گالیاں بھی تسلیم کر لیں تو سوال یہ ہے۔ کہ کیا غیر مبایعین کو اپنی اور خود مولوی محمد علی صاحب کی وہ تحریریں یاد ہیں۔ یا نہیں۔ جن میں سلسلہ احمدیہ کے بزرگوں اور حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی شان میں سخت نامہذب الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ اگر یاد نہ ہوں تو ہم یاد دلا سکتے ہیں۔ پھر کیا ان "شر انگیز اور منافرت خیز" تحریروں کو ضبط کرانے کیلئے بھی گورنمنٹ سے مؤثر کارروائی کرنے کی درخواست کی جائے گی؟

بات یہ ہے کہ غیر مبایعین کے متعلق وہ نظمیں اس وقت لکھی اور شائع کی گئیں۔ جب ان کی طرف سے اس قسم کی تحریریں شائع ہوتی تھیں۔ جن کا اوپر حوالہ دیا گیا ہے۔ اب اپنی تحریروں کو بغل میں دبا رکھنا اور جوابی تحریروں کے خلاف شور مچانا کہاں کی دیانت داری ہے۔

پیغام اور اہل پیغام کو چاہیئے۔ اس قسم کے اوچھے ہتھیاروں پر نہ اتر آئیں۔ حق آخر حق ہے۔ اس پر دھوکہ بازی سے تھوڑی دیر کے لئے تو پردہ پڑ سکتا ہے۔ مگر ہمیشہ کے لئے اسے چھپایا نہیں جا سکتا۔

## رپورٹ مجلس مشاورت ۱۹۲۷ء

رپورٹ مجلس مشاورۃ ۱۹۲۷ء بعض ناگزیر حالات کی وجہ سے پہلے نہیں چھپ سکی۔ اب چھپ کر تیار ہے۔ ضروری ہے کہ ہر جماعت کے نمائندے مجلس مشاورت میں تشریف لانے سے قبل اسے پڑھ لیں۔ لہذا جملہ سیکرٹریان جماعتہائے احمدیہ سے استدعا ہے کہ دو دو آنے کے ٹکٹ برائے محصول ڈاک بھجوا کر ایک ایک کاپی اپنی جماعتوں کے لئے جلد منگوا لیں

خاکسار یوسف علی سیکرٹری مجلس مشاورت

## رمضان کا عہد!

کیا آپ نے عہد کر لیا ہے کہ اس رمضان میں کم از کم اپنی ایک اخلاقی یا دینی کمزوری کو دور کر دینگے اگر نہیں کیا تو اب بھی وقت ہے ابھی اسی وقت یہ عہد کر لیں اور پھر اس عہد کو پورا کریں۔ خدا آپ کے ساتھ ہو۔

خاکسار مرزا بشیر احمد ناظر تعلیم و تربیت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الفضل

قادیان دارالامان مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۸ء

# حج میں احمدیوں کی نماز باجماعت

افسوس ہے۔ کہ "پیغام صلح" اپنی چھیڑ خانی کی عادت میں روز بروز ترقی کر رہا۔ اور خواہ نخواہ ہمارے خلاف نیش زنی کرتا رہتا ہے۔ "الفضل" کے ایک گذشتہ پرچہ میں مشتاق احمد صاحب ملازم ریلوے کراچی کی طرف سے ایک اعلان شائع ہوا تھا۔ جس میں انہوں نے احمدی حاجیوں کی آسانی کے لئے لکھا تھا۔

"تمام احباب جماعت احمدیہ جو کہ اس سال حج پر تشریف لے جائیں۔ وہ یہاں کراچی پہونچکر مجھے ملیں۔ اور اگر بذریعہ خط کوئی بات دریافت کرنی ہو۔ تو بھی خاکسار کو اطلاع دیں۔ تاکہ میں اپنے بھائیوں کی خدمت کرسکوں"۔

ظاہر ہے۔ اس اعلان میں کوئی ایسی بات نہیں۔ جو غیر مبایعین کے خلاف ہو۔ بلکہ اعلان عام ہونے کی وجہ سے اگر کوئی غیر مبایع بھی حج کے لئے جانے کی توفیق پا سکتا۔ تو وہ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا تھا۔ اور ہمیں امید تھی۔ کہ برادر مشتاق احمد صاحب ایسے اصحاب کو بھی آرام و آسائش پہونچانے کی پوری پوری کوشش کرتے۔ لیکن "پیغام صلح" کو اس اعلان پر بھی اعتراض ہی کی سوجھی چنانچہ ۲۹ر فروری کے پرچہ میں "حج اور نماز باجماعت" کے عنوان سے تعریضاً لکھتا ہے:۔

"مشتاق احمد صاحب نے غالباً اس مبارک موقعہ پر باجماعت نمازوں کا بھی کچھ نہ کچھ بندوبست ضرور کر لیا ہوگا۔ اور اگر نہیں کیا۔ تو کیا قادیانی احمدیوں نے اپنے سابقہ عقیدہ متعلقہ نماز میں ترمیم کر لی ہے۔ اور غیر احمدیوں کے ساتھ نماز پڑھنے کو جائز قرار دے لیا ہے"۔

"پیغام صلح" کی سخن فہمی تو اسی سے ظاہر ہے۔ کہ برادر مشتاق احمد صاحب کا چار سطری اعلان سمجھنے کی بھی اس میں اہلیت نہیں۔ اعلان صرف کراچی میں احمدی عازمین حج کو آرام و آسائش پہونچانے کے متعلق کیا جاتا ہے۔ لیکن "پیغام صلح" دریافت کر رہا ہے۔ کہ حج کے موقعہ پر احمدیوں کے لئے نماز باجماعت کا کوئی بندوبست کیا گیا ہے۔ یا نہیں۔ معلوم ہوتا ہے۔ "پیغام صلح" کے نزدیک حج کراچی میں ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ کراچی میں حاجیوں کی خدمات سرانجام دینے کے لئے اعلان کرنے والے سے یہ کہہ رہا ہے۔ کہ "غالباً اس مبارک موقعہ پر باجماعت نمازوں کا بھی کچھ نہ کچھ بندوبست ضرور کر لیا ہوگا"۔

اگر "پیغام صلح" کو جماعت احمدیہ پر اعتراض کرنے کا اتنا ہی شوق ہے۔ اور وہ اس کے لئے ہر وقت بیتاب رہتا ہے۔ تو اسے کم از کم ان الفاظ کو تو اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لینا چاہیئے جن پر وہ اپنے اعتراضات کی بنیاد رکھتا ہے۔ برادر مشتاق احمد صاحب کے اعلان سے قطعاً یہ ظاہر نہیں ہوتا۔ کہ وہ حاجیوں کے ساتھ مکہ معظمہ تک جائینگے۔ نہ یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے دوران سفر میں حاجیوں کی خدمات سرانجام دینے کا اعلان کیا ہے۔ وہ سرکاری ملازم ہیں۔ اور کراچی میں رہتے ہیں۔ ان کا جو کچھ مطلب ہے۔ وہ انہوں نے نہایت سادہ اور واضح الفاظ میں ظاہر کر دیا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ کراچی میں جو احمدی بارادہ حج پہونچیں۔ ان کو آرام و آسائش پہونچانے کی کوشش کریں گے مگر "پیغام صلح" ان سب باتوں سے قطع نظر کرکے محض اعتراض کرنے کے لئے انہیں مکہ پہونچا کر پوچھتا ہے "اس مبارک موقعہ پر باجماعت نمازوں کا بھی کچھ نہ کچھ بندوبست ضرور کر لیا ہوگا"۔

جو لوگ اعتراض کرتے ہوئے اتنے غور و فکر سے بھی کام نہیں۔ یا نہ لے سکیں۔ کہ چند سطری عبارت کو درست طور پر سمجھ سکیں۔ ان کے اعتراضات جس قدر معقولیت اپنے اندر رکھ سکتے ہیں۔ وہ ظاہر ہے۔ چنانچہ "پیغام صلح" نے اس بیہودہ تمہید کے بعد جو سوال اٹھایا ہے۔ اسی سے یہ بات ثابت ہو رہی ہے۔

"پیغام صلح" پوچھتا ہے۔ "کیا قادیانی احمدیوں نے اپنے سابقہ عقیدہ متعلقہ نماز میں ترمیم کر لی ہے۔ اور غیر احمدیوں کے ساتھ نماز پڑھنے کو جائز قرار دے لیا ہے"۔

اگر "پیغام صلح" معقولیت سے کام لیتا۔ تو خیال کر سکتا تھا کہ یہ کوئی ایسا سوال نہیں۔ جو آج اس کے دماغ میں پیدا ہوا ہے ہر سال کئی احمدی حج کرنے کے لئے جاتے ہیں۔ نمازوں کے متعلق جو انتظام وہ کرتے رہے ہیں۔ وہی آئندہ جانے والے کر لیں گے۔ مگر ایک طرف تو "پیغام صلح" کا ہمارے خلاف اعتراض کرنے کا اشتیاق اور دوسری طرف اس کا ایسے ہاتھوں میں ہونا۔ جنہیں غالباً سلسلہ کا لٹریچر جیسے تنکے کی بھی بہت کم توفیق ملی ہو گی۔ اس بات کا موجب ہو گیا۔ کہ وہ اس قسم کا سوال پیش کرے مگر تعجب یہ ہے۔ کہ کسی اور نے بھی اسے یہ نہ بتایا۔ کہ جو سوال تم آج کر رہے ہو۔ اور جس کی بنا پر سابقہ عقیدہ نماز میں ترمیم کرنے کا الزام لگا رہے ہو۔ اس کا جواب تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی زندگی میں ہی دے چکے ہیں۔

ذیل میں ہم "پیغام صلح" کے جواب میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ پیش کرتے ہیں۔ حضورؑ فرماتے ہیں:

"حج میں بھی آدمی یہ التزام کر سکتا ہے۔ کہ اپنے جائے قیام پر نماز پڑھ لیوے۔ اور کسی کے پیچھے نماز نہ پڑھے۔ بعض آئمہ دین سالہا سال مکہ میں رہے۔ لیکن چونکہ وہاں کے لوگوں کی حالت تقویٰ سے گری ہوئی تھی۔ اس لئے کسی کے پیچھے نماز پڑھنا گوارا نہ کیا۔ اور گھر میں پڑھتے رہے۔ یہ چار مصلے جو اب ہیں۔ یہ تو پیچھے بنے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ہرگز نہ تھے۔ اس وقت ایک ہی مصلے تھا۔ اور اب بھی جب تک چاروں اٹھ کر ایک ہی مصلیٰ نہ ہوگا۔ تب تک وہاں توحید اور راستی ہرگز نہ پھیلے گی"۔ (فتاویٰ احمدیہ ص۲)

ان الفاظ میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے پیروؤں کو وہ طریق بتا دیا ہے۔ جو انہیں حج کے موقعہ پر اختیار کرنا چاہیئے۔ اور ان میں "پیغام صلح" کے مطالبہ کا پورا اور مکمل جواب موجود ہے۔ بشرطیکہ وہ سمجھ اور سوچ سے کام لے کر ان کا مطالعہ کرے۔

"پیغام صلح" کے مطالبہ کا جواب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اپنی تحریر سے دینے کے بعد ہم اہل پیغام سے صرف یہ پوچھنا چاہتے ہیں۔ کہ ان میں سے اگر کوئی حج کرنے کے لئے جائے تو وہ نمازوں کے متعلق کیا طریق اختیار کرتا ہے۔ اگر وہ اپنی نماز کا علیحدہ انتظام کرتا ہے۔ تو پھر ہمارے متعلق اس بارے میں "پیغام صلح" کا دریافت کرنا ایک بیہودہ بات تھی۔ اور اگر وہ غیر احمدیوں کے ساتھ ہی نماز پڑھتا ہے اور "پیغام صلح" کے مطالبہ سے یہی ظاہر ہوتا ہے۔ تو بتایا جائے یہ طریق عمل حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مندرجہ بالا ارشاد کے کہاں تک مطابق ہے۔ اور کیا اس سے ثابت نہیں ہے۔ کہ اس ارشاد کی کوئی پرواہ نہ کرتے ہوئے غیر مبایعین نے اپنے سابقہ عقیدہ متعلقہ نماز میں ترمیم کر لی ہے۔ اور غیر احمدیوں کے ساتھ نماز پڑھنے کو جائز [illegible] لیا ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ہندو مہا سبھا کا فیصلہ اور مسلمان

مدراس کانگریس نے ہندو مسلم مفاہمت کے متعلق جو قرارداد پاس کی تھی۔ وہ اگرچہ مسلمانوں کے لئے کسی طرح بھی مفید نہیں تھی۔ لیکن مسلمان لیڈر محض اتحاد ملکی کی خاطر اس پر رضامندی کا اظہار کر رہے تھے۔ مخلوط انتخاب کا اصول اس قرارداد میں منظور کیا گیا تھا۔ جو کہ ہندوؤں کی دلی آرزو تھی۔ مگر نشستوں کی تخصیص کے ساتھ اس کو مشروط کر دیا گیا تھا۔

اس کے بعد کانگریس کی مجلس عاملہ نے مختلف اقوام کے حقوق کے تصفیہ کی خاطر آل پارٹیز کانفرنس منعقد کی۔ اس کانفرنس میں ہندو مہاسبھا نے جو روش اختیار کی۔ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے "زمیندار" ۹ مارچ لکھتا ہے:۔

"ہمیں نہایت افسوس ہے۔ کہ مہاسبھائی ارکان کی ہٹ دھرمی نے مسلمانوں کے جائز مطالبات کو پائے نفسانیت سے ٹھکرا کر آل پارٹیز کانفرنس کی تمام مساعئے اتحاد پر پانی پھیر دیا۔"

مگر اس حقیقت کے تسلیم کر لینے کے باوجود کہ ہندو مہاسبھا نے اتحاد کی تمام کوششوں کو بیکار ثابت کر دیا۔ اور عملی طور پر بتا دیا کہ وہ کسی حالت میں بھی مسلمانوں کے جائز مطالبات منظور کر کے۔ ان کے ساتھ اتحاد کرنے پر آمادہ نہیں ہمارا معاصر مسلمانوں کو حسب ذیل مشورہ دیتا ہے۔

"بعض اسلامی حلقوں میں ارباب غرض یہ پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔ کہ مہاسبھا کی اس افسوسناک روش کے بعد مسلمانوں پر سائمن کمیشن سے تعاون کرنا فرض ہو گیا ہے۔ یہ سراسر غلط ہے سائمن کمیشن کا مقاطعہ ایک اصولی چیز ہے۔ اور اگر مہاسبھائی ہندو نہیں۔ بلکہ ہندوستان کے تمام ہندو سائمن کمیشن سے تعاون کرنے پر آمادہ ہو جائیں جب بھی اسلام کی روایات حریت و آزادی کا تقاضا یہی ہے۔ کہ مسلمان اس سے کوئی سروکار نہ رکھیں۔"

کیا ان الفاظ سے ظاہر نہیں۔ کہ مسلمانوں کو جان بوجھ کر گمراہ کیا جا رہا ہے۔ جب ہندو مہاسبھا مسلمانوں سے اتحاد کو ناممکن بنا رہی ہے۔ اور مسلمانوں کے جائز مطالبات کو پائے نفسانیت سے ٹھکرا رہی ہے۔ اور ان کو کچھ بھی حقوق دینے پر آمادہ نہیں تو اگر مسلمان کمیشن سے تعاون کر کے اور اس کے سامنے اپنے جائز مطالبات پیش کر کے اپنے سیاسی حقوق کے تحفظ کا انتظام نہ کریں۔ تو پھر ان کی تباہی میں کیا شبہ باقی رہ جائیگا۔

نیز یہ امر بھی قابل غور ہے۔ کہ جب ہندو مہاسبھا ایسے وقت میں بھی جو کہ ہندوستان کی قومیت کے لئے بہت ہی نازک سمجھا جاتا ہے مسلمانوں کے ساتھ کسی مفاہمت پر آمادہ نہیں۔ تو سائمن کمیشن کے چلے جانے اور اپنی مطلب برآری کے بعد اس سے کیں سلوک [illegible]

# ایک حیرت انگیز راز کا انکشاف

کچھ عرصہ ہوا چند احمدیوں کو کابل میں محض اختلاف عقائد کی وجہ سے سنگسار کرایا گیا تو اس ظالمانہ فعل کی بنا علماء سُو نے اس امر پر رکھی۔ کہ اسلام نے مرتد کی یہی سزا مقرر کی ہے۔ اور چونکہ ان کے نزدیک احمدی مرتد ہیں۔ اس لئے ان کا قتل کرنا کار ثواب ہے۔

ہندوستان میں ان علماء کابل کی سب سے بڑھ کر تائید کرنے والوں میں سے "زمیندار" کا قدم سب سے آگے تھا۔ اس نے اسلام میں مرتد کی سزا قتل ثابت کرنے کے لئے ایک طویل سلسلہ مضامین شائع کیا۔ جس کے ہر حصہ کی اشاعت پر سب سے اول یہ اعلان کیا جاتا رہا۔ کہ "حضرت مولانا ظفر علی خاں کے قلم سے" اس کے بعد بھی جب کبھی ذکر آیا۔ تو "زمیندار" نے یہی ظاہر کیا۔ کہ وہ سلسلہ مضامین مولوی ظفر علی خاں صاحب کی تحقیق و تدقیق کا نتیجہ تھا۔ اور تو اور ابھی چند ہی دن ہوئے۔ جب ہم نے "زمیندار" میں درج شدہ ایک مضمون کے حوالہ سے یہ لکھا۔ کہ شکر ہے "زمیندار" کی سمجھ میں بھی یہ بات آگئی۔ کہ اسلام نے مرتد کے لئے کوئی جسمانی سزا نہیں رکھی۔ تو "زمیندار" نے اپنے ۸ مارچ کے پرچہ میں لکھا:۔

"زمیندار" کا آج بھی قتل مرتد کے مسئلہ میں وہی عقیدہ ہے جو قتل مرتد کے متعلق سلسلہ مضامین لکھنے کے وقت تھا مدیر الفضل مراسلہ نگاروں کے خیالات کو مدیر "زمیندار" یا مولانا ظفر علی خاں سے منسوب نہ کریں۔"

لیکن اس حیرت انگیز راز کا جسے زمیندار اس وقت تک چھپائے ہوئے تھا۔ کہ وہ سلسلہ مضامین "مولانا ظفر علی خاں" نے خواہ مخواہ اپنے نام سے شائع کیا تھا۔ ورنہ اس میں ان کا ایک لفظ بھی نہ تھا۔ اب خود مضمون نگار مولوی غلام رسول صاحب مہر ایڈیٹر "انقلاب" نے ظاہر کر دیا ہے جو اپنے ۴ مارچ کے پرچہ میں لکھتے ہیں:۔

"مہر نے اپنی بساط و استطاعت کے مطابق مواد جمع کیا اور مضمون لکھنے کے لئے گھر میں بیٹھ گیا۔ اسی مصروفیت کے باعث اس روز دفتر نہ جا سکا۔ شام کے وقت مولانا ظفر علی خاں اور ان کے صاحبزادہ صاحب مہر کے غریب خانہ پر تشریف لائے جیسے کہ مہر کے دفتر نہ جانے پر کبھی کبھی تشریف لے آیا کرتے تھے۔ مولانا موصوف نے مرتبہ مضمون کے سننے کی خواہش ظاہر کی۔ مہر نے مضمون سنایا۔ تو مولانا نے فرمایا کہ "صاحب یہ مضمون تو ہمارا ہو گیا"۔ دوسرے روز مہر بارہ ایک بجے کے قریب دفتر پہنچا۔ تو "زمیندار" میں بحروف جلی یہ خبر پڑھی۔ کہ قتل مرتد پر کل سے حضرت مولانا ظفر علی خاں کا ایک مضمون "زمیندار" میں چھپنا شروع ہوگا۔ اور وہ چھپا۔"

چند ہی دن ہوئے "زمیندار" نے ہمیں حسب معمول دھمکی دی تھی۔ کہ زمیندار یہ کر دے گا۔ وہ کر دے گا۔ مگر جن کی یہ کائنات ہو۔ کہ دوسروں کے مضامین اپنے نام سے شائع کریں۔ ان کا ہمیں اپنے قلم کے زور سے ڈرانا نہایت ہی حیرت انگیز ہے۔

# سچے ہندو ہونے کا ثبوت

ہندوؤں کے لئے سچے ہندو بننے کے لئے جہاں اور کئی ایک ایسی باتوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔ جن کا اثر مسلمانوں کے خلاف پڑتا ہو۔ وہاں ایک نئی بات یہ قرار دی گئی ہے۔ کہ اردو کو مٹا کر اس کی جگہ ہندی قائم کی جائے۔ چنانچہ اخبار "ملاپ" ۲ مارچ لکھتا ہے۔

"کیا وقت نہیں آگیا۔ کہ ہم اس لانچھن کو دھو ڈالیں اور لاہور سے ایک اعلےٰ درجہ کا کامیاب ہندی اخبار نکال کر اپنے سچے ہندو ہونے کا ثبوت دیں۔"

اردو سے اس وقت تک بے شمار فوائد اٹھانے کے باوجود یہ سلوک کیوں۔ محض اس لئے کہ اسے مسلمانوں کی زبان سمجھا جاتا ہے۔ جن لوگوں کے بغض و عداوت کا یہ حال ہو۔ ان سے بھلائی کی توقع قطعاً فضول ہے۔ کاش ہندو اصحاب آئے دن اس قسم کی حرکات کے مرتکب ہو کر ہندو مسلمانوں کی جدائی اور علیحدگی کی خلیج کو نہ بڑھائیں۔

# عیسائیت اور اسلام

بائیبل سوسائٹی کی تازہ رپورٹ مظہر ہے۔ کہ ۱۹۲۶ء میں صرف کلکتہ کے تبلیغی مرکز سے بائیبل کے ۱۹۔ لاکھ ۸ ہزار نسخے ہندوستان کی مختلف زبانوں میں چھاپ کر تقسیم کئے گئے۔

عیسائیوں کی اس قسم کی تبلیغی سرگرمیوں کو دیکھ کر کہا جا سکتا ہے۔ کہ اگر کسی مذہب کی ترقی محض ظاہری اسباب اور ذرائع پر ہو۔ تو ایک دن میں ساری دنیا پر عیسائیت ہی عیسائیت پھیل جائے۔ مگر عیسائیت اہل علم اور سمجھ دار طبقہ میں باوجود بے انتہا ساز و سامان کے اس قدر ترقی نہیں کر رہی۔ جس قدر اسلام جماعت احمدیہ کے ذریعے پھیل رہا ہے۔ یہ بھی اسلام کی صداقت کا بہت بڑا ثبوت ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# اسلام اور عورت

مذاہب عالم میں اسلام سب سے پہلا مذہب ہے جس نے عورت کی عزت حیثیت اور حقوق کو قائم کیا۔ اور انسانوں کے اس مظلوم طبقہ کی دادرسی کی۔ دنیا کے تمدن میں عورت کا جو درجہ تھا۔ وہ صفحات تاریخ کو تاریک کئے ہوئے ہے۔ اس صنف لطیف پر مظالم کی انتہا نہ تھی۔ وہ اپنے ہم نوع مردوں کے جور و ستم کا نشانہ بنی ہوئی تھی باایں ہمہ اسے انسانیت کے قدرتی حقوق سے بھی محروم کر دیا گیا تھا۔ گذشتہ مذاہب نے چونکہ تمدنی امور کے متعلق کوئی تفصیلی احکام نہیں دئے۔ اس لئے وہ اس گتھی کو سلجھا نہ سکے۔ بلکہ جہاں تک مذہب کا تعلق ہے۔ اس میں بھی عورت کی حیثیت کو بدنمایش کیا گیا ہے۔ اسلام نے تمدن کی اصلاح کے لئے ہر پہلو سے مکمل احکام جاری فرمائے اور عورت کو اس کی کھوئی ہوئی متاع ازسرنو دی۔ تمدن اور مذاہب کی غلطیوں کو دور فرمایا۔

دنیا کے لوگ لڑکی کی پیدائش کو منحوس اور نامبارک فال سمجھتے تھے۔ مگر قرآن پاک نے اس طرز تحقیر کو نہایت ہی مکروہ قرار دیا ہے۔ فرمایا۔ واذا بشر احدھم بالانثیٰ ظل وجھہ مسودا وھو کظیم یتوارٰی من القوم من سوٓء ما بشر بہ ایمسکہ علیٰ ھون ام یدسہ فی التراب الاساء ما یحکمون (نحل ع ۷)

جب ان میں سے کسی کو لڑکی کی بشارت ملتی ہے تو اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے۔ اور وہ سخت غضبناک ہو جاتا ہے۔ قوم سے اس بری خبر کی وجہ سے چھپتا ہے اور سوچتا ہے۔ کہ وہ اس ذلت کو برداشت کرے یا اس لڑکی کو زمین میں دفن کرے خبردار یہ لوگ نہایت برا فیصلہ کرتے ہیں۔

لڑکی کی خبر پر گویا ماتم ہو جانا قریبًا قریبًا عالمگیر تھا۔ اور ہے۔ مگر اسلام نے اسے بہت ناپسند فرمایا۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

فلا تطلبنہا یا ابن کوز فانہ
غذی الناس مذ قام النبی الجواریا

اے ابن کوز تو اسی عورت کے لئے اصرار نہ کر کیونکہ آنحضرت صلعم کی آمد کے بعد لوگوں نے لڑکیوں کو زندہ رکھنا اور ان کی پرورش کرنا ضروری قرار دے لیا ہے۔

جس طرح سے عملی طور پر عورت کے خلاف یہ خطرناک رو تھی جسے اسلام نے روکا۔ اسی طرح دنیا کے دو بڑے مذہب (عیسائیت اور ویدک دھرم) نے اس باب میں بھی سخت غلطی کی تھی۔ کہ عورت کو پیدائشی طور پر ناپاک قرار دیا۔ اور اس پر آسمانی دروازہ کو قریبًا بند بتلایا۔ ہندو دھرم میں لڑکے کے بغیر نجات ناممکن سمجھی گئی۔ چنانچہ لکھا ہے:۔

"پت نام دوزخ کا ہے۔ پتر معنے محافظ کے ہیں۔ چونکہ بیٹا باپ کو دوزخ سے بچاتا ہے۔ اس سبب سے پتر کہاتا ہے اس بات کو شری برہماجی نے کہا ہے" (منو ۹/۱۳۸)

اسی بنا پر سوامی دیانند صاحب نے بھی لکھا ہے:۔

"جب جب اولاد ہو تب تب لڑکیاں ہی ہوں لڑکے نہ ہوں تو گیارھویں برس تک انتظار کر کے نیوگ کر لے" (ستیارتھ پرکاش باب ۴)

پھر اس سے بھی واضح الفاظ میں لکھا ہے۔ کہ عورت پیدائشی طور پر گناہگار ہوتی ہے۔

"جو عمدہ رجوگنی (نفس پرست) ہیں وہ گانے والے باجے بجانے والے۔ عالموں کے خدمتگار اور خوبصورت عورت کا جنم پاتے ہیں" (ستیارتھ پرکاش باب ۹ صفحہ ۲۷۰)

بائیبل تو عورت کی پیدائشی گنہگاری کو متعدی سمجھتی ہے۔ لکھا ہے:۔

"اور وہ جو عورت سے پیدا ہوا ہے۔ کیونکہ پاک ٹھہرے"

(ایوب ۲۵/۴)

گویا عورت اس قدر ناپاک ہے کہ اس سے پیدا ہونے والا بھی پاک نہیں ٹھہر سکتا۔ (العیاذ باللہ)

اسلام نے اس ناپاک خیال کی پرزور تردید کی اور فرمایا یاایھا الناس انا خلقناکم من ذکر و انثیٰ بعضکم من بعض الآیۃ فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا الآیۃ کل مولود یولد علی الفطرۃ اے لوگو! مرد اور عورت تو! ہم نے تم کو نر و مادہ سے پیدا کیا ہے۔ بلحاظ پیدائش تم ایک دوسرے سے ہو یعنی ایک پاک اور دوسرا ناپاک نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے سب انسانوں کو پاک فطرت پر پیدا کیا ہے۔ ہر بچہ پاکیزہ فطرت لیکر آتا ہے۔ پس یہ دلوں سے نکال دو۔ کہ عورت ناپاک ہے۔ اور مرد پاک۔ بلحاظ پیدائش پاکیزگی میں بالکل یکساں ہیں۔

نجات اور مکتی کا خیال، بہشت اور سورگ کا تصور ہر مذہب میں موجود ہے۔ مگر غضب ہے۔ کہ عورت کو اس سے بھی محروم قرار دیا گیا۔ ہندو دھرم اور عیسائیت میں اس کے لئے کوئی سند موجود نہیں۔ کہ عورتیں بھی مکتی خانہ یا بہشت میں جائینگی۔ اور وہاں کے آرام اور سکھ میں حصہ دار ہوں گی۔ اور وہ بھی سوکشم شریر (لطیف جسم) کے ساتھ نعماء اخروی سے بہرہ اندوز ہو سکیں گی۔ اسی بھونڈی اور ظالمانہ حکمت عملی کو چھپانے کے لئے آریہ اور عیسائی قرآن پاک کی اس معقول تعلیم پر معترض ہوتے ہیں۔ کہ بہشت میں عورتیں بھی ہونگی۔ غرض ان دونوں مذہبوں نے عورت کو جیسے پیدائشی حقوق سے محروم کیا۔ ویسے ہی مرنے کے بعد کی امید سے بھی مایوس کر دیا۔ گویا عورتوں کی علت غائی بجز اس کے کچھ نہیں کہ چند روزہ زندگی میں مردوں کی خوشی اور راحت کا ذریعہ بنیں۔ مگر ان مذاہب کے معتقدین کی ستم ظریفی دیکھئے کہ عورت کے لئے مساویانہ حقوق کا ادعا اور اسلام پر اعتراض کر رہے ہیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اسلام اس بیان میں یکتا ہے۔ کہ خدا کی رحمت اس کے انعام و اس کے فضلوں کے دروازے عورتوں کے لئے بھی ویسے ہی کھلے ہیں جیسے مردوں کے لئے۔ خود قرآن پاک فرماتا ہے۔ انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثیٰ بعضکم من بعض (آل عمران ع ۲۰) من عمل صالحًا من ذکر او انثیٰ وھو مومن فاولٰئک یدخلون الجنۃ یرزقون فیھا بغیر حساب (مومن ع ۴) ادخلوا الجنۃ انتم و ازواجکم تحبرون (زخرف ع ۷) میں کسی عمل کرنے والے کے اعمال کو ضائع نہ کروں گا۔ خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔ جو بھی ایماندار عورت اور مرد نیک اعمال بجا لائیں گے۔ وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ اور انہیں بے انتہا انعام دئے جائیں گے۔ اے مومنو! تم اور تمہاری بیویاں جنت میں داخل ہو جاؤ۔ اور تم سب ظاہری اور باطنی خوبی سے آراستہ کئے جاؤ گے"

ان آیات سے ظاہر ہے کہ دیگر مذاہب نے جہاں عورت کو محض مرد کا کھلونا قرار دیا ہے۔ وہاں اسلام نے مرد و عورت کی پیدائش کی غرض واحد یعنی حصول رضاء الٰہی قرار دی ہے۔

بلاشبہ مرد و عورت کشتی انسانیت کے دو ملاح ہیں۔ تکمیل کے لئے ہر دو کا وجود ضروری ہے۔ مگر تمدنی نظام کے لئے قانون نیچر کے مطابق افسر و ماتحت کی حیثیت لازمی ہے چونکہ یہ طبعی تقاضا تھا۔ اور ہے۔ اس لئے ہر قوم۔ ہر ملک ہر تمدن اور ہر مذہب میں اس پر عمل درآمد ہوا یعنی عورت کو مرد کے ماتحت قرار دیا گیا۔ آج عیسائی عورتیں مساوات نسوانی کی سب سے زیادہ حامی ہیں۔ اور وہ اس مساوات کے غلط ترین مظاہرات کے پیش کرنے میں بھی سب اقوام عالم کی عورتوں سے آگے ہیں۔ مگر مقدس پولوس اناجیل میں فرماتے ہیں:۔

"تم جانو کہ ہر مرد کا سر مسیح اور عورت کا سر مرد اور مسیح کا سر خدا ہے" (۱۔ قرنتیوں ۱۱/۳)

"اے عورتو! اپنے شوہروں کی ایسی فرمانبردار رہو جیسے خداوند کی" (افسیون ۵/۲۲)

اور یہ بالکل سچ ہے۔ کہ فطرت نسوانی اپنی بلند پروازیوں میں کتنی ہی اونچی کیوں نہ ہو جائے۔ مگر مرد کی اعانت سے مستغنی نہیں ہو سکتی۔ اس کی شہادت تو خود قانون قدرت دے رہا ہے۔ کہ مرد و عورت میں جسمانی طور پر مساوات نہیں۔ ہر حیوان کے جوڑے میں مادہ خلقی طور پر کمزور پیدا کی گئی ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

لہٰذا عورتوں میں اس کمزوری کو اسلامی پردہ کی طرف منسوب کرنا نادانی ہے۔ اسلام نے عورت کو کسی ایسے امر کا مکلف نہیں بنایا۔ جو اس کی روحانی۔ اخلاقی یا جسمانی رذالت کا موجب ہو۔

عورتیں ایک لمبے عرصہ سے مظلومانہ زندگی بسر کرنے پر مجبور کی گئیں۔ اور انہیں ان کے حقوق سے محروم کیا گیا۔ جس کا نتیجہ ہے کہ موجودہ وقت میں عورتیں اپنے حقوق کے مطالبہ میں افراط سے کام لے رہی ہیں۔ اسلامی احکام ہر قسم کی افراط و تفریط سے پاک ہیں۔ اسلام نہ عورتوں کے لئے بے جا آزادی کا روادار ہے۔ اور نہ ان کی مظلومیت کا حامی۔ مذہبی حقوق میں عورت کو بلا کم و کاست مساویانہ حیثیت حاصل ہے۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ تمدنی احکام میں بھی عورت کی فطری کمزوری پر مترتبہ احکام کو نظر انداز کر کے مساوی حیثیت موجود ہے۔ اسلام نے علوم ظاہری و باطنی سے آراستگی جیسے لڑکوں کے لئے ضروری قرار دی ہے۔ ویسے ہی لڑکیوں کی تعلیم کو فرض قرار دیا ہے۔ طلب العلم فریضۃ علی کل مسلم و مسلمۃ۔ الحدیث۔ اس کی تاکید کے لئے ارشاد ہوا ہے۔ کہ عورت کی تعلیم کے متعلق۔ باپ۔ خاوند اور بیٹے سے اپنے اپنے دائرہ کے مطابق جواب طلب کیا جائے گا۔ پھر نکاح سے پیشتر آزادانہ انتخاب کے لئے جو اختیارات مرد کو دئے گئے وہی عورتوں کو حاصل ہیں۔ بعد نکاح ناگزیر حالات کے پیش آنے پر قطع تعلق کے لئے ہر دو کو پورے حقوق دئے گئے وراثت میں عورت کی محدود ضروریات کے لئے وسیع حقوق رکھے گئے۔ غرض ہر پہلو سے کامل تعلیم دی۔

عقد زوجیت کے بعد ہر عورت اور مرد ایک نئے دور زندگی میں قدم رکھتے۔ اور ایک نیا رشتہ اور پیوند قائم ہوتا ہے جس سے ہر دو کی حیثیت میں ایک قدرتی فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ افسوس کہ یہ عرصہ زندگی جسے قرآن پاک نے مودۃ اور الفت کا بہترین زمانہ بتلایا تھا۔ اور اس محبت کو باد سموم کے جھونکوں سے بچانے اور پائدار بنانے کے لئے نہایت اعلیٰ قوانین بیان فرمائے تھے۔ ان کو پس پشت ڈالنے کے باعث خارستان بن رہا ہے۔ اور فریقین اسے تلخ پیالہ سمجھ رہے ہیں۔ اسلام نے فرمایا۔ ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف وللرجال علیھن درجۃ (بقرہ ع ۲۸) کہ عورتوں کے وہی حقوق ہیں۔ جو مردوں کے ہیں۔ ہاں مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے۔ وہ کیا فضیلت ہے؟ فرمایا۔ الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض و بما انفقوا من اموالھم الآیۃ (نساء ع ۶) مردوں کو عورتوں پر نگران مقرر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ مرد بھی آپس میں ماتحت و افسر ہیں۔ یہاں کہ قدرتی فضیلت ہے۔ اور کیونکہ وہ عورتوں کے نان نفقہ کے ذمہ وار ہیں۔

گویا فضیلت کا انحصار محض امارت تک محدود ہے اور اس کی وجہ ذمہ داری کا بوجھ ہے۔ اس لئے قرآن مجید نے عورت سے طلب کیا ہے۔

فالصالحات قانتات حافظات للغیب الآیۃ

کہ وہ نیکو کار اور دعا کرنے والی اور اپنے خاوندوں کی فرمانبرداری (نساء ع ۶) کرنے والی ہوں۔ ہاں یاد رہے کہ جہاں پر اسلام نے عورت کو مرد کی بہترین رفیق زندگی بننے کی تلقین کی ہے۔ وہاں پر مردوں کا معیار نیکو کاری ہی عورتوں سے حسن سلوک قرار دیا ہے۔ فرمایا "خیرکم خیرکم لاھلہ" زیادہ اچھا وہ ہے جو اپنی بیوی سے اچھا سلوک کرے۔ آنحضرت صلعم نے ایک لاکھ چوبیس ہزار مسلمانوں کو جبل عرفات سے آخری پیغام دیا۔

"دیکھو عورتوں کے ساتھ کبھی بدسلوکی نہ کرنا۔ ان سے ہمیشہ مہربانی سے پیش آنا" (سوانحعمری محمد صاحب صفحہ ۱۴۷)

اس قسم کی بیسیوں آیات و احادیث موجود ہیں جن میں فریقین بالخصوص مردوں کے لئے زریں ہدایات بیان کی گئی ہیں۔ قرآن پاک نے مرد کو بیوی کے اخراجات کا ذمہ وار قرار دیا ہے۔ اس کی سہولیت بہم پہنچانے کا اسے حکم دیا ہے اور پھر سورہ نور میں علیحدہ مکان کا حق بھی قائم کیا ہے۔ غرض جو زندگی کی ضروریات ہیں۔ ان کے متعلق تفصیلی احکام بیان فرمائے ہیں۔ عورتوں کی شہادت کو قبول کیا ہے۔ مگر ان کی فطری کمزوری اور قلیل تجارب کے ماتحت دو عورتوں کی شہادت کو ایک مرد کی شہادت کے برابر قرار دیا ہے۔ گویا ہر پہلو سے افراط و تفریط سے پاک تعلیم ہے۔

میں اپنے مسلم بھائیوں اور بہنوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اپنے اپنے حقوق سے تجاوز نہ کریں۔ کیونکہ ایسا تجاوز کسی کے لئے بھی مفید نہیں۔ اور نہ ہی دیرپا ہوگا۔ ہندوستان میں عورتیں بہت پس افتادہ ہیں۔ مسلم خواتین اپنے دائرہ میں بہت پیچھے ہیں۔ مسلم مردوں کا فرض ہے۔ کہ انہیں اسلامی حقوق دیں۔ لیکن مسلم عورتوں کو چاہیئے کہ دنیا کی زہر آلود نام نہاد تحریک "آزادی" کا مطالبہ نہ کریں۔ کیونکہ وہ قائم نہ رہ سکے گی۔ اور نہ ہی ان کے لئے مفید ثابت ہوگی ؎

خاکسار

اللہ دتا جالندھری

قادیان

# محترمہ عائشہ مرحومہ کے حالات زندگی

میری بیوی جو مجھے بہت پیاری تھی خدا تعالیٰ کی مصلحت کے ماتحت جسمانی طور پر مجھ سے علیحدہ ہو گئی ہے خدا کے رسول مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہمیں اگست ۱۹۰۶ء میں میاں بیوی بنایا تھا۔ جتنا عرصہ زندہ رہی۔ اپنی ہر حالت پر قانع رہی۔ مصائب میں صابر تھی۔ اور جزع فزع کی اسے اصلا عادت نہ تھی۔ عام عورتوں کی طرح تبرج کی کوئی ایسی شائق نہ تھی۔ ماں باپ کی فرمانبردار اور مطیع تھی۔ والدین کے آگے چون و چرا کبھی نہ کرتی تھی۔ جو کھانے کو دیتے۔ وہ کھاتی اور جو پہننے کو دیتے وہ پہنتی۔ مارچ ۱۸۸۳ء میں پیدا ہوئی تھی۔ جب مدرسہ میں پڑھتی۔ تو ہفتہ میں صرف ایک پیسہ سیاہی۔ قلم اور کاغذ کے لئے ملا کرتا تھا۔ کھانے کو اس نے کبھی نہیں مانگا۔ بارہ برس کی ہوئی۔ والد نے اپنے ایک القاء کی بناء پر مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کے عقد میں بغیر خطبہ و مہر مقرر کرنے کے صرف مسجد میں چند لوگوں کے روبرو دیدیا۔ پندرہ برس کی عمر میں وہ دارالامان میں مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس آئیں۔ اور ۱۸۹۸ء کی آخری سہ ماہی میں ان کا نکاح مولوی عبدالکریم صاحب کے ساتھ بواسطہ مسیح موعود علیہ السلام پھر منعقد ہوا ۱۱ اکتوبر ۱۹۰۵ء کو مولوی صاحب موصوف فوت ہوئے۔

قریباً سات برس ان کی زوجیت میں رہیں۔ انہی ایام کے متعلق وہ روایت ہے۔ جو حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔اے نے اپنی کتاب سیرۃ المہدی حصہ دوم کے صفحہ ۷۹ پر ۴۰۸ لکھی ہے۔ اور جو یہ ہے:۔

"ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا۔ کہ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ میں ایک بچہ نے گھر میں ایک چھپکلی ماری۔ اور پھر اسے مذاقاً مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کی چھوٹی اہلیہ پر پھینک دیا۔ جس پر مارے ڈر کے ان کی چیخیں نکل گئیں۔ اور چونکہ مسجد کا قرب تھا۔ ان کی آواز مسجد میں بھی سنائی دی۔ مولوی عبدالکریم صاحب جب گھر آئے تو انہوں نے غیرت کے جوش میں اپنی بیوی کو بہت کچھ سخت سست کہا۔ حتیٰ کہ ان کی یہ غصہ کی آواز حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے نیچے اپنے مکان میں بھی سن لی۔ چنانچہ اسی واقعہ کے متعلق اسی شب حضرت صاحب کو یہ الہام ہوا کہ "یہ طریق اچھا نہیں اس سے روک دیا جائے مسلمانوں کے لیڈر عبدالکریم کو" لطیفہ یہ ہوا کہ صبح مولوی صاحب مرحوم تو اپنی اس بات پر شرمندہ تھے اور لوگ انہیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پادری صاحب ان تینوں فہرستوں کا کچھ جواب نہ دے سکے۔ اور "سہو کاتب" کے عذر لنگ کو پیش کیا۔ مگر جناب مولانا صاحب نے فرمایا۔ کہ فن کتابت کا تعلق محض بائیبل ہی سے ہے۔ یا دوسری کتب بھی کاتبوں ہی سے لکھی جاتی ہیں کیا وجہ ہے۔ کہ قرآن کریم بھی کاتبوں سے لکھایا جائے۔ اور ایک نقطہ تک نہ بدلے۔ مگر جب انجیل مقدس "حضرت کاتب" لکھنے بیٹھیں تو "سہو پر سہو" ہوتا چلا جائے۔ اور پھر لطف یہ کہ "سہو" بھی ان آیتوں کے متعلق ہو۔ جن کی موجودگی نصاریٰ کے لئے مضر ہے۔ اور پھر "سہو کاتب" بھی ہو۔ تو ایک لفظ غلط لکھا گیا۔ مگر یہ کیسے ممکن ہے۔ کہ یوحنا ۵۳/۷ سے لے کر ۱۱/۸ تک کی آیات بعض نسخوں سے ندارد ہوں۔

بالآخر پادری صاحب سخت مجبور اور لاجواب ہو کر کہنے لگے۔ کہ "یہ آیات بائیبل سے نکال دی گئی ہیں۔ تو پھر یہ نہ کہو۔ کہ بائیبل محرف ہے۔ بلکہ یہ کہو۔ کہ بائیبل کم کر دی گئی ہے"!

یہ تھا عیسائیوں کے "چوٹی کے مناظر" کا دبی زبان سے "یحرفون الکلم عن مواضعہ" کا اقرار۔ سچ ہے

مدعی کا فیصلہ اچھا میرے حق میں۔
زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہ کنعان کا۔

چوتھے دن ۲۸/۲ کو جو آخری دن تھا۔ مضمون لیکچر کا اعلان نہ کیا گیا۔ جس کی وجہ گذشتہ دنوں کی شکست تھی۔ اور جس کا مزید اظہار اس طرح پر ہوا۔ کہ ہماری طرف سے تین دفعہ تحریری طور پر دریافت کیا گیا۔ مگر پادری صاحب نے جواب دینے سے انکار کر دیا۔ اس لئے عین لیکچر کے شروع ہونے پر معلوم ہوا۔ کہ آج کا لیکچر "مسیح کی آمد ثانی" پر ہے لیکچر کیا تھا۔ پادری صاحب نے دل کھول کر حضرت مسیح موعودؑ (فداہ امی و ابی) پر فحش اور گندے حملے کئے اور یہ اس لئے کہ غیر احمدی پبلک کو جوش دلایا جائے۔ مگر ہمارے فاضل مناظر نے اپنی پہلی ہی دس منٹ کی تقریر میں مناظرہ کا رنگ بدل دیا۔ آپ نے مسلمان پبلک کو پادری صاحب کے اس لیکچر کی غرض و غائت کو اچھی طرح واضح کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ ہم اپنے گھر کے جھگڑے گھر میں فیصل کریں گے۔ آج کی بحث "حضرت مرزا صاحب کی صداقت انجیل سے" کے مسئلہ پر ہے۔ آپ نے پادری صاحب کے تمام لیکچر کا دندان شکن جواب انجیل کے حوالوں سے دیا۔ اور حضرت مسیح کی آمد ثانی کو ایلیاہ کی آمد ثانی سے تطبیق دے کر حضرت مسیح موعودؑ کی صداقت کو ثابت کیا۔ اور پادری صاحب کو کھلا کھلا چیلنج دیا۔ کہ وہ انجیل سے حضرت مسیح کی دو ایسی پیشگوئیاں دکھائیں۔ جو پوری ہوئیں۔ ہم اس کے مقابلہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی چار پیشگوئیاں پیش کریں گے۔

مگر افسوس۔ کہ پادری صاحب نے اس چیلنج کا ذکر تک نہ کیا۔ اور اپنی خاموشی سے اپنی کمزوری پر صاد کیا۔

الحمد للہ کہ اس مضمون پر مباحثہ نہایت کامیابی کے ساتھ ہوا۔ اور غیر احمدی پبلک نے متفقہ طور پر ہماری تائید کی۔ اس مضمون کے ختم ہوتے ہی جناب مولانا نے اعلان فرمایا۔ کہ "پادری صاحب نے قرآن کریم سے وحدت الٰہی کی حد تام از روئے اسلام دکھانے کا جو چیلنج دیا ہے۔ میں اُسے منظور کرتا ہوں۔ اور اسی وقت اُس پر بولنے کو تیار ہوں۔ چنانچہ ایک گھنٹہ اس پر بحث کے لئے مقرر ہوا۔ ہمارے فاضل مناظر نے حد تام کی حد تام بیان فرماتے ہوئے پادری صاحب کے اعتراض کے آٹھ جواب دئے۔ آپ نے بدلائل منطق و فلسفہ یہ ثابت کیا۔ کہ یہ سوال ہی فلسفہ و منطق سے ناواقفیت کی دلیل ہے۔ پھر آپ نے قرآن کریم سے "لا الٰہ الا ھو الحی القیوم" پڑھکر فرمایا کہ وحدت الٰہی کی حد تام "الحی القیوم" ہے۔ اور آپ نے حد تام کی تمام شرائط کو "الحی القیوم" میں ثابت کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ فلسفہ کی پیش کردہ حد تام یعنی "واجب الوجود" ناقص ہے۔ کیونکہ لغت میں اس کے تین معنی ہیں۔ مگر قرآن کی حد تام فی الحقیقت حد تام ہے۔ کیونکہ "القیوم" کا لفظ غیر اللہ پر بولا ہی نہیں جا سکتا۔

پادری صاحب نے اپنی فلسفہ دانی ثابت کرتے ہوئے ایک عربی کتاب سے کچھ عبارت پڑھی۔ چونکہ اس پر اعراب نہ تھے۔ اس لئے آپ نے عبارت غلط پڑھی۔ جناب مولوی صاحب نے آپ کی غلطی کو فوراً پکڑا۔ مگر پادری صاحب فرمانے لگے۔ کہ "دونوں طرح صحیح ہے"! گویا آپ "اجتماع ضدین" کو ممکن قرار دے رہے ہیں۔

خداوند کریم کا ہزار شکر ہے۔ کہ نہایت امن کے ساتھ کامیاب گفتگو ہوئی۔ اور باوجود اس کے کہ پادری صاحب نے مولوی صاحب کے متعلق "بکواس" اور "خرافات" وغیرہ عامیانہ الفاظ کا استعمال بھی کیا۔ مگر مولانا صاحب نے نہایت صبر و استقلال سے ایسے الفاظ کو بالکل نظر انداز کیا۔ اور اعلیٰ تہذیب کا نمونہ پیش کرتے ہوئے اسلام کا بول بالا کیا۔

خاکسار عبد العزیز سکرٹری تبلیغ جماعت احمدیہ گجرات

# نظارت اعلیٰ کا اعلان

مجلس مشاورت کا وقت بہت قریب آ گیا ہے لیکن تا حال میرے پاس صرف چار رپورٹیں پہونچی ہیں کئی سال سے جماعت کو توجہ دلائی جاتی ہے۔ کہ وہ اپنی سالانہ رپورٹیں مفصل بھیجیں۔ تا کہ ان کی کارروائی کو شائع کیا جائے۔ امسال رپورٹ مشاورت میں تمام ناظران کی رپورٹیں شائع کرائی گئی ہیں۔ ان میں ناظر اعلےٰ کی بھی رپورٹ ہے۔ جس میں جماعتوں کی رپورٹوں پر تبصرہ ہوتا ہے۔ پس اس تبصرہ کے ذریعہ سے انجمنوں کی کارروائی شائع ہوتی ہے۔ غیر احمدی احباب بعض وقت ہم سے سالانہ رپورٹ مانگا کرتے ہیں۔ کہ جماعتوں کی کارگذاری کا حال معلوم ہو۔ اسی غرض سے سالانہ رپورٹوں کا شائع کرنا مناسب ہے۔ پس ہر جماعت کا فرض ہے۔ کہ وہ اپنی سال بھر کی کارروائی کی روئداد پبلک کے سامنے لائے۔ تا کہ تنظیم جماعت کا احساس عام مسلمانوں میں پیدا ہو کر بیداری پیدا کرے۔

ذوالفقار علی خاں۔ ناظر اعلےٰ۔

# الفضل ایک ہزار مساجد میں

یہ تحریک کی گئی تھی۔ کہ ہمارے احباب ماہ رمضان المبارک میں سلسلہ احمدیہ کے آرگن الفضل کو ایک ہزار مساجد میں کم از کم تین ماہ جاری کرانے کا سامان کریں۔ اس پر جن احباب نے لبیک کہا۔ ان میں سب سے پہلا نام پیر منظور محمد صاحب کا ہے جنہوں نے ف۵ روپے نقد عطا فرمائے۔ آپکے علاوہ مفصلہ ذیل احباب نے اس میں حصہ لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے اموال میں برکت دے۔ اور ان کی اس خدمت اسلام کو قبول فرمائے۔

۱- مولوی قدرت اللہ صاحب سنور — ۴
۲- میاں خادم حسین صاحب متعلم کالج ملتان — ۱
۳- حافظ محمد الدین صاحب سنوری چھور ۱۱۷ — ۱۰
۴- ملک عزیز احمد صاحب ایبٹ آباد — ۲
۵- حاجی عبد الواحد صاحب سوداگر مسکرا ضلع ہمیر پور — ۴
۶- خاں عبد الرحیم صاحب حصاری۔ گڑھی حبیب اللہ — ۲
۷- میاں احمد الدین صاحب زرگر پنڈی چری — ۱
۸- میاں رحمت اللہ صاحب سکرٹری چک ۳۵ جنوبی — ۱
۹- میاں عبد الکریم صاحب گوجرانوالہ ۱ — ۱۰- حکیم مختار احمد صاحب شاہجہانپور
۱۱- بابو شاہ محمد صاحب کلرک کھاریاں ۲ — ۱۲- منشی خادم حسین صاحب بھیرہ
۱۳- میاں محمد عبد العزیز صاحب سکرٹری رڑکور

میں امید کرتا ہوں۔ کہ باقی ماندہ احباب بھی توجہ فرمائینگے۔ تا کہ اس ماہ رمضان میں یہ تعداد ایک ہزار پوری ہو جائے۔ کیا یہ افسوس کی بات نہیں۔ کہ روپے گرہ سے دیکر اخبار جاری کرایا جائے۔ تو دوکنار۔ اپنے قصبہ یا شہر کی مساجد کی فہرست مرتب کر کے بھیجنے کی تکلیف بھی گوارا نہیں کی گئی۔ یہ سچ ہے یہ دیکھا ہے جس کو تحریک احمدی جماعت کے افراد سے نہیں کہا جا سکتی۔

(مہتمم تبلیغ و اشاعت قادیان)

Digitized by Khilafat Library Rabwah



اشتہار

# ماہ رمضان المبارک میں فاروق بک ایجنسی قادیان کی کل کتب رعایتی قیمت میں

محصول ڈاک بذمہ خریدار

## سلسلہ کی کتابیں

| نام کتاب | اصلی | رعایتی |
|---|---|---|
| **تبلیغ رسالت** سوائے جلد پنجم و ششم کے ۔ جلد اول، دوم ۔ سوم ۔ چہارم ۔ ہفتم ۔ ہشتم ۔ نہم ۔ دہم ۔ ان جلدوں میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ کے نایاب اشتہارات ۱۸۸۳ء سے لیکر ۱۹۰۸ء تک جمع کر دیئے ہیں | ۱عہ/۸ | عہ/ |
| **خلافت محمود** ۔ مولوی محمد علی صاحب امیر پیغامیاں کے رسالہ مصلح موعود کا ناقابل تردید جواب | ۸/ | ۴/ |
| **التنقید** ۔ مولوی ابراہیم صاحب سیالکوٹی کے رسالہ شہادت القرآن سیح کا مسکت و دندان شکن جواب | ۳/ | ۱۰/ |
| **صادق کلمات** ۔ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کے رسالہ ہفوات مرزا کا جواب لاجواب | ۴/ | ۲/ |
| **فیصلہ الٰہی** ۔ مولوی ثناء اللہ صاحب کا آخری فیصلہ اور اس کی اصل حقیقت کا انکشاف | ۷/ | ۲؍۰/ |
| **مرقع ثنائی** ۔ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری کا وہ پرچہ اخبار جس میں امرتسری نے مباہلہ سے انکار کیا تھا۔ | ۴/ | ۲/ |
| **فیصلہ خدائی بر مسلمات ثنائی** ۔ امرتسری کے مسلمات پر خدا نے جو آخری فیصلہ فرمایا ۔ کہ ثناء اللہ زندہ رکھکر حضرت مسیح موعودؑ کی صداقت کو ثابت کر دیا ۔ اس کی مکمل بحث اور اس کے ساتھ حضرت اقدسؑ کے اصل خط کا عکس اتار کر شامل کیا گیا ہے ۔ | ۸/ | ۴/ |
| **علماء خلف** ۔ ندوۃ العلماء نے علماء سلف نام سے ایک کتاب شائع کی جس میں گزشتہ علماء کے اخلاق اور دینداری کے نمونے پیش کئے گئے تھے ۔ خاکسار ایڈیٹر فاروق نے اس کتاب کا مصرع ثانی "علماء خلف" کے نام سے لکھکر موجودہ علماء کی بیدینی اور شرارتوں اور اخلاقوں کا صحیح فوٹو اتار کر پیش کر کے دکھا دیا کہ سلف جیسے وہ تھے ۔ خلف انکے یہ ہیں | | |
| **ثنائی فرار اور مباہلہ سے انکار** ۔ حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے جب امرتسری کو مباہلہ کیواسطے لکھا ۔ امرتسری نے ہمیشہ انکار کیا اور فرار ۔ اور کبھی اس فیصلہ کی طرف نہ آیا ۔ اس رسالہ میں دلچسپ حالات ثناء اللہ صاحب کے ہیں ۔ | ۷/ | ۳؍۰/ |

| نام کتاب | اصلی | رعایتی |
|---|---|---|
| **ثنائی ہرزہ درائی** ۔ مولوی ثناء اللہ صاحب کی وہ تمام گالیاں ردیف وار الف سے لیکر ی تک اس رسالہ میں جمع کر دی ہیں ۔ جو ثناء اللہ نے حضرت مسیح موعودؑ اور حضرت خلیفہ اول رضؓ و دیگر اراکین جماعت کو اپنے اخبار اہلحدیث اور مرقع کے ذریعہ دیں ۔ | ۵/ | ۲؍۰/ |
| **چودہویں صدی کا یہودی** ۔ مولوی ثناء اللہ نے ایک رسالہ چودہویں صدی کا مسیح شائع کیا تھا ۔ اس کے مقابلہ میں یہ رسالہ امرتسری کی شان میں لکھا گیا ۔ | ۵/ | ۲؍۰/ |
| **احمدی نمبر اول** ۔ یہود و نصاریٰ کے ساتھ غیر احمدی علماء کی مماثلت حسب پیشگوئی آنحضرت صلعم ثابت کی گئی ہے | ۲/ | ۱/ |
| **بحر حقیقت** ۔ محمد علی مونگیری علیہ ما علیہ کے مریدوں کے ایک رسالہ کا جو حضرت اقدسؑ کے خلاف شائع ہوا تھا تحقیقی جواب | ۴/ | ۲/ |
| **تنقید صحیح** ۔ فرقہ بابیہ نے ایک رسالہ سلسلہ احمدیہ کے خلاف لکھکر یہ ثابت کرنے کی بے سود کوشش کی تھی کہ مہدی و مسیح دو وجود ہیں ۔ ایک علی محمد باب اور دوسرا بہاء اللہ ۔ اس کے جواب میں مولوی جلال الدین صاحب شمس مبلغ دمشق نے یہ لاجواب رسالہ لکھا ہے جس کی تردید بابیوں سے نہ ہو سکی ۔ بابی مذہب سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے یہ رسالہ عجیب ہے ۔ | ۸/ | ۴/ |
| **ازہاق الباطل** ۔ مولوی محمد علی صاحب امیر پیغام کے سابقہ عقائد جن میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نبوت و رسالت حقیقی کا اقرار ہے ۔ | ۲/ | ۱/ |
| **ہدایات زرین** ۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ نے مبلغین اسلام و سلسلہ عالیہ احمدیہ کے لئے جو مکمل ہدایات فرمائی ہیں ۔ وہ اس میں درج کی گئی ہیں ۔ ہر ایک احمدی کو جو شوق تبلیغ رکھتا ہے ۔ اس ہدایت نامہ کا ہر وقت اپنی جیب میں رکھنا ضروری ہے ۔ اور اس کے مطابق تبلیغ کرنے سے کبھی ناکامیابی نہیں ہوگی ۔ حضور کی خواہش ہے کہ ہر ایک احمدی خواندہ اس پر عمل کرے ۔ | | |

## ردّ آریہ

| نام کتاب | اصلی | رعایتی |
|---|---|---|
| **تصدیق کلام ربانی** ۔ آریوں نے ایک رسالہ نہایت گندہ "مسلمانی کے بانی کی کہانی" نام سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخانہ لکھا تھا ۔ اس کا نہایت قابل دید اور لائق شنید یہ جواب ہے جس میں بڑے بڑے فلاسفر اور عیسائی مصنفوں کی قلم سے آنحضرت صلعم کی شان اعلیٰ کا ثبوت نقل کیا گیا ہے ۔ اور آریوں کے کل اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے ۔ | ۱عہ/ | ۸/ |
| **ویدک توحید کا آئینہ** دیکھنے کے قابل ہے ۔ | ۲/ | ۱/ |
| **ایک مسلمان کا پیغام** سکھوں کے نام قابل دید ہے ۔ | ۲/ | ۱/ |
| **تنبیہ زبان دراز** ایک آریہ کی سرزنش و گوشمالی | ۱۰/ | ۱/ |
| **پیدائش عالم** ۔ دیانندیوں کا عقیدہ ہے ۔ کہ دنیا کا سلسلہ ازل سے چلا آیا ہے ۔ اور پیدا شدہ نہیں ہے اس مسئلہ پر لاجواب یہ تصنیف ہے ۔ | ۳/ | ۱۰/ |
| **رسالہ گوشت خوری** مضمون نام سے ظاہر ہے | ۲/ | ۱/ |
| **دھرم پال کا کچا چٹھا** ۔ قابل دید ہے | ۱/ | ۰/ |
| **کلام الامام نظم** آریوں کے رد میں حضرت اقدسؑ کی نظم | ۱/ | ۰/ |
| **گائے کی عظمت پر تحقیقی نظر** ۔ ہندو لوگ گائے کی پرستش کیوں کرتے ہیں ۔ اور کہاں سے انہوں نے یہ سیکھی ہے بے نظیر رسالہ ہے ۔ | ۱/ | ۰/ |
| **مشین گن** ۔ ویدوں کے غیر الہامی ہونے پر دس فائر ایسے کئے گئے ہیں ۔ کہ ویدوں کا قلعہ مسمار ہو گیا ۔ اور آریہ لاجواب اور پسپا ہو چکے ہیں | ۴/ | ۳/ |
| **ناریوڈ و چھوت چھات** کے متعلق یہ وہ رسالہ ہے جس نے پنجاب میں اس قدر مقبولیت حاصل کی ۔ کہ اب تیسری دفعہ طبع کرایا گیا ہے ۔ ہر مسلمان کے ہاتھ میں یہ رسالہ ہونا ضروری ہے ۔ | ۴/ | ۲/ |
| **کیفیت وید** ۔ وید کی تعلیم کا اگر نقشہ دیکھنا چاہو تو اس کو پڑھ لو ۔ سب حقیقت معلوم ہو جائے گی ۔ | ۵/ | ۲/ |
| **صاعقہ ذوالجلال** ۔ آریوں نے حضرۃ زینب رضی اللہ عنہا کے نکاح پر جو اعتراض کیا تھا ۔ اس کا ناقابل تردید جواب | ۳/ | ۱؍۰/ |

**عشرہ سوالات کے جوابات** ۔ غیر احمدیوں کے علماء نے جو سب سے بڑے دس سوالات ایسے کئے تھے ۔ جنکا جواب انکے خیال میں سلسلہ نہیں دے سکتا تھا انکے مکمل مفصل اور مدلل ایسے جواب لکھے گئے ہیں ۔ کہ انشاء اللہ قیامت تک نہ ہو سکینگے ۔ چند نسخے باقی ہیں ۔ جلد منگاؤ ۔ بہتر کتاب ہے ۔ اصلی ۱عہ رعایتی ۸/

نبوۃ فی الالہام و فی الاحادیث ۲ حصہ ۔ قابل دید ۱۲ ۔ ۶/ +

**التشریح الصحیح** لالہامات مہدی و المسیح ۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ۲۹ الہامات پر غیر احمدی علماء نے جو اعتراض کئے ہیں ۔ ان کے تحقیقی و الزامی ج

ملنے کا پتہ: منیجر فاروق بک ایجنسی قادیان (پنجاب)



(اشتہارات ... ذمہ دار خود مشتہر ہیں ۔ نہ کہ الفضل (ایڈیٹر))

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# لے اولاد دوست

جو اولاد حاصل کرنے کی آرزو میں سینکڑوں روپیہ اشتہاری حکیموں کی نذر کر کے بھی کامیاب نہیں ہوئے ہمیں مفصل حالات لکھیں۔ اُن کی مراد خدا تعالیٰ کے فضل سے پوری ہوگی۔ جواب کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا ضروری ہے:۔

**شیخ مشتاق احمد جالندھری مہتمم یونانی دواخانہ قادیان**

# تحفہ جات کشمیر جنت نظیر

پیارے ناظرین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس وقت ایجنسیوں۔ دوکانوں۔ کوٹھیوں کی کمی نہیں ہے براہ کرم ایک دفعہ بطور آزمائش کے ذیل کی چیزوں میں سے کوئی چیز منگا کر ملاحظہ فرمائیں۔ ناپسند آنے پر ایجنسی علانیہ واپس لینے کے لئے تیار ہے۔ فہرست ایجنسی مفت:۔

کمبل نوایجاد ۱۹۲۸ء نہایت خوبصورت ۲½ × ۱½ گز وزن ایک سیر پختہ قیمت معہ محصول ڈاک ؎۔ زعفران خالص ۲/- فی تولہ گل بنفشہ جنگلی ۱/- و ۲/-۔ خالص فی سیر پختہ ۱/- عہ- ۲/- للعہ۔ زیرہ سیاہ عمدہ فی سیر پختہ ؎۔ سلاجیت گلگتی فی تولہ ۸/- زعفران خالص درجہ اول فی تولہ ۲/-۔ بہیدانہ خالص شیریں فی سیر پختہ للعہ۔ اجوائن خراسانی یعنی بذر البنج فی سیر پختہ ۶/-۔ ممیرا چینی ۱/- و ۲/-۔ ۱/- ۶/-۔ ۲/- عہ فی تولہ۔ جدوار خطائی خالص ۸/- ۸/- ۱/- عہ۔ ۶/- ؎۔ للعہ ر عہ فی تولہ۔ چائے سبز اعلیٰ قسم فی سیر ؎۔ مغز بادام شیریں عہ فی سیر پختہ۔ مغز بادام تلخ عہ فی سیر پختہ۔ مغز خروٹ فی سیر پختہ ۸/-۔ ونیز ادسہ اخروٹ فی سیر پختہ ۸/-:

مندرجہ اشیاء بذریعہ وی۔ پی پارسل ارسال خدمت ہوں گی۔ محصول علاوہ ہوگا۔ تاجران کے لئے خاص رعایت ہے۔ جو اشیاء ناپسند ہوں۔ واپس کر سکتے ہیں:

المشتہر

**محمد نصر اللہ خان احمدی مینیجر**

کشمیر مسلم ہمدرد ایجنسی باڑی پورہ کشمیر براستہ اننت ناگ کشمیر

# قرآن شریف مترجم بطرز تیسیر القرآن

رعایتی قیمت پانچ روپے:

سیرت النبی کے لیکچر کی طیاری کے لئے بہترین کتاب حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی مصنفہ

## سیرت النبیؐ

قیمت مجلد دو روپے:

## ہندو مسلم فسادات

پر

حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ بنصرہ کا عظیم الشان لیکچر

رعایتی قیمت چھ آنے (۶/)

## عقائد احمدیہ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تصنیفات کا لطیف خلاصہ

رعایتی قیمت چار آنے (۴/)

## کتاب گھر قادیان

# حب اٹھرا

کا نام

## محافظ اٹھرا گولیاں رجسٹرڈ

جن کے بچے چھوٹے ہی فوت ہو جاتے ہیں۔ یا وقت سے پہلے حمل گر جاتا ہے۔ یا مردہ پیدا ہوتے ہیں۔ ان کو عوام اٹھرا کہتے ہیں۔ اس مرض کے لئے حضرت مولانا مولوی نور الدین صاحب شاہی حکیم کی مجرب اٹھرا اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ یہ گولیاں آپ کی مجرب و مقبول و مشہور ہیں۔ اور ان گھروں کا چراغ ہیں۔ جو اٹھرا کے رنج و غم میں مبتلا ہیں۔ وہ خالی گھر آج خدا کے فضل سے بچوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ ان لاثانی گولیوں کے استعمال سے بچہ ذہین اور خوبصورت اور اٹھرا کے اثرات سے بچا ہوا پیدا ہو کر والدین کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی راحت ہوتا ہے۔ قیمت فی تولہ عہ۔ شروع حمل سے آخیر رضاعت تک قریباً ۹ تولے خرچ ہوتی ہیں۔ ایکدفعہ منگانے پر فی تولہ عہ لیا جائیگا:

ملنے کا پتہ

**عبد الرحمن کاغانی دواخانہ رحمانی قادیان پنجاب**

طالب علموں لیکچراروں و دیگر اصحاب تحریر و تقریر پیشہ کے واسطے

# عجیب التاثیر تحفہ

نہایت معتبر اور بارہا دفعہ کی آزمودہ مستقل طور پر دل و دماغ کو طاقت پہنچا کر حافظہ کی قوت کو بحال ہی نہیں بلکہ ہمیشہ کے واسطے قائم رکھنے والی اور بے خطا ایجاد ہے۔ اس کے استعمال سے صرف ایک ہفتہ میں قوت ذہنی کے علاوہ جسم کی تیاری میں حیرت انگیز تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔ علاوہ اس کے مصفی خون اور مقوی اعصاب بھی ہے جس نے ایکدفعہ آزمائش کرلی ہے وہ ہمیشہ کیلئے مجسم اشتہار بن گیا ہے۔ نمونہ محصولڈاک کیلئے دو آنہ کے ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمائیں قیمت ایک ہفتہ کا کورس ؏۔ دو ہفتہ کیلئے ؎ محصولڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ۔ مینیجر سیلک میڈیکل ہال روپڑ ضلع انبالہ پنجاب

الفضل میں اشتہار دینا بہت مفید ہوگا کیونکہ اسے ہندوستان اور ہندوستان سے باہر کے ہزاروں مختلف الاحوال لوگ بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ مینیجر

# بہروں کی شنوائی کا سامان

بہت سے لوگ بالخصوص وہ جو بہرے ہیں۔ یا جن کے دماغوں میں غونغنہ محسوس ہوتا ہے۔ یا ناک میں آواز آنے کی بیماری ہے یہ معلوم کر کے بہت خوش ہونگے۔ کہ حال ہی میں ایک چھوٹا اور نہایت ہی مفید آلہ ان بیماریوں کے مستقل علاج کے لئے دریافت ہوا ہے۔ جسے ٹنی ٹس کہتے ہیں۔ اس آلہ کے ذریعہ اس وقت تک سینکڑوں ان بیماریوں کے شدید اور لاعلاج بیمار شفا پا چکے ہیں۔ اگر کوئی ان بیماریوں کا مبتلا مزید معلومات اس آلہ کے متعلق حاصل کرنا چاہے۔ تو سیکرٹری سے خط و کتابت کرے۔ جو خوشی سے ان کو مکمل معلومات بمعہ شہادتوں اور اخراجات کے نوٹسوں کے بہم پہونچائیگا۔ پھر قیمتی وقت بچانے کے لئے یہ آلہ بمعہ ضروری سامان اور ادویات کے ۹ روپیہ کا منی آرڈر آنے پر ہر پتہ پر بھیجا جا سکتا ہے۔ فرمائش کے وقت اس اخبار کا حوالہ ضرور دیں:

پتہ

Larmalene Co: [illegible]
Kent. England

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# ہندوستان کی خبریں

—— نئی دہلی ۱۳ مارچ مسٹر اینڈرسن ایڈیشنل مجسٹریٹ نے آج اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا جس میں ہندوستان ٹائمز کے رپورٹر مسٹر چمن لال اس الزام میں ماخوذ تھے کہ انہوں نے اسمبلی کے اجلاس میں سر باسل بلیکٹ رکن مالیات حکومت ہند کے سر پر کاغذات کا بنڈل پھینکا۔ مجسٹریٹ نے ملزم کو دفعہ ۳۵۳ تعزیرات ہند کی بجائے دفعہ ۳۵۲ کے ماتحت مجرم قرار دیا۔ اور اسے دو صد روپیہ جرمانہ بصورت عدم ادائگی جرمانہ تین ماہ قید محض کی سزا دی ؛

—— دہلی ۱۰ مارچ۔ افغانستان سے جو اخبارات یہاں پہنچے ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کابل میں دوسری بار بہت زیادہ برف باری ہوئی۔ تین دن اور تین رات لگاتار برف پڑتی رہی جس سے وہ ۴۴ انچ اونچی ہو گئی۔ کابل میں قحط کے حالات پائے جاتے ہیں۔ جانوروں کی کمی کی وجہ سے کئی بوچڑوں کو اپنی دوکانیں بند کرنی پڑی ہیں۔ میونسپلٹی کے صدر کے حکم کے مطابق کئی بوچڑ گرفتار کئے گئے ہیں۔

نئی دہلی ۱۰ مارچ۔ اسکین کمیٹی کی رپورٹ کی سفارشات کو نامنظور کر دینے پر مسٹر جناح نے حکومت کے رویہ کی مذمت کرنے کے لئے التوائے اجلاس کی تحریک پیش کی۔ تحریک مذکور پر تقریباً ایک گھنٹہ بحث ہوئی۔ ۵۱ کے مقابلہ میں ۷۰ ووٹوں سے تحریک پاس ہو گئی ؛

—— لاہور ۱۲ مارچ۔ آج ۲½ بجے بعد دوپہر کے قریب جھگیاں سکلیگران نزد گورنمنٹ پریس میں خوفناک آتشزدگی کی واردات ہوئی۔ یہ چھپر ایک میدان میں ڈالے گئے تھے۔ اور تعداد میں پچاس ساٹھ تھے۔

بیان کیا جاتا ہے۔ کہ ایک عورت نے اپنے خاوند سے لڑ کر چھپر کو دیا سلائی لگا دی۔ آن کی آن میں آگ نے بہت سی جھگیوں پر قبضہ جما لیا۔ میونسپل فائر انجن موقعہ پر پہونچ گئے۔ تیس کے قریب جھگیاں جلکر خاک سیاہ ہو چکی تھیں۔ فائر انجنوں نے باقی جھگیوں کو بچا لیا ؛

—— لاہور ۱۲ مارچ - آج ہائیکورٹ کے بنچ کے اجلاس میں پورن چند دتال کے قاتل کالا کی اپیل کا فیصلہ سنایا گیا۔ عدالت سشن سے ملزم کو کالے پانی کی سزا ہوئی تھی۔ عدالت اپیل نے کالے پانی کی بجائے ملزم کو پھانسی کا حکم دیا ؛

—— لاہور ۱۳ مارچ - جن دین اور لال دین کی اپیل کا فیصلہ سنا دیا گیا۔ ملزمان کے خلاف الزام یہ تھا کہ انہوں نے گذشتہ فسادات لاہور میں لالہ رام لال سوری [illegible]

ہمراہیوں پر حملہ کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ لالہ رام لال سوری کا ملازم مہر چند مارا گیا۔ اور لالہ رام لال کو بھی ضربات آئیں۔ عدالت سشن نے ملزمان کو زیر دفعہ ۳۲۲ تعزیرات ہند ساڑھے چار چار سال قید سخت کی سزا دی تھی۔ عدالت اپیل نے سزا کو بحال رکھا ؛

—— لاہور ۱۳ مارچ - آج ساڑھے چار بجے شام کے آل انڈیا مسلم لیگ انجمن اسلامیہ اور انجمن حمایت اسلام کی طرف سے ایک وفد سائمن کمیشن کے پاس ان کے جائے قیام واقعہ دفتر نارتھ ویسٹرن ریلوے ایمپرس روڈ میں گیا۔ اس وفد میں سر عبدالقادر، سر محمد شفیع، نواب سر ذوالفقار علی خاں، سر محمد اقبال، نواب محمد علی کے علاوہ اور بھی کئی اصحاب شامل تھے ؛

—— لاہور ۱۳ مارچ - آج سائمن کمیشن عدالت عالیہ لاہور میں گیا۔ اور ڈویژنل بنچ کی کارروائی کا ملاحظہ کرتا رہا یہ بنچ سر شادی لال چیف جسٹس اور مسٹر جسٹس براڈوے پر مشتمل تھا ؛

—— چھ دنوں کی ہڑتال کے بعد کلکتہ کے خاکروب جنہوں نے گذشتہ اتوار کو کام موقوف کر دیا تھا۔ کام شروع کرنے پر راضی ہو گئے ؛

—— دہلی ۱۳ مارچ - آج اسمبلی میں پنڈت موتی لال نہرو نے سائمن کمیشن کے اخراجات کے مطالبہ کو نامنظور کرنے کی تحریک پیش کی۔ جو ۵۹ راؤں کے مقابل ۶۶ راؤں سے پاس ہو گئی ؛

—— ایسٹر کی تعطیلات کے سلسلہ میں واپسی ٹکٹ ۳۰ مارچ سے ۹ اپریل تک جاری کئے جائیں گے جن کی میعاد ۳۰ اپریل تک ہو گی۔ - - - - - کرایہ میں مندرجہ ذیل رعائتیں ہونگی ؛

| | |
|---|---|
| فسٹ اور سیکنڈ کلاس | ۱¼ کرایہ میں واپسی ٹکٹ |
| انٹر کلاس | ۱½ " " " " |
| تھرڈ کلاس | ۱¾ " " " " |

—— لاہور ۱۴ مارچ - آج پنجاب کونسل میں سر فضل حسین نے سائمن کمیشن سے ملکر کام کرنے کے لیے سات نمائندوں کی ایک کمیٹی مرتب کرنے کی تحریک پیش کی۔ ووٹ لینے پر یہ تحریک کثرت رائے سے منظور ہو گئی ؛

—— ناسک ۳ مارچ - آج جگت گورو شنکر اچاریہ نے "مس ملر" کی شدھی کی رسم ادا کی۔ اس موقعہ پر کثیر التعداد ہندو موجود تھے نیز بہت سے یوروپین اور چند امریکن سیاح بھی شامل تھے۔ مس ملر کا ہندوانہ نام "دیوی ترسبھا" رکھا گیا ہے۔ وہ شدھی کے وقت ہندوانہ لباس پہنے تھی۔ اور ننگے پیر تھی ؛

# ممالک غیر کی خبریں

—— دولت جمہوریہ ترکیہ نے ان روسی پناہ گزینوں کو جو قلم تیسرے ترکی میں آباد ہیں۔ حکم دیا ہے۔ کہ وہ ۶ فروری ۱۹۲۹ء تک اپنے وطن چلے جائیں ؛

—— لنڈن ۱۰ مارچ - ملک حبش کے نائب السلطنت شہزادہ راس طفاری کی نوجوان لڑکی شہزادی "یاشمح بیت" معہ اپنی دایہ کے آج صبح قصر بکنگھم میں ملک معظم اور ملکہ معظمہ کی خدمت میں پیش کی گئی ؛

—— نیویارک ۱۰ مارچ - اعلان کیا گیا ہے۔ کہ نیویارک کی فاکس برادرس بین الاقوامی کارپوریشن کو ترکی گورنمنٹ نے ۱۵۰۰ میل ریلوے لائن تعمیر کرنے کا ٹھیکہ ۶ کروڑ ڈالر میں دیا ہے۔ اس ٹھیکہ میں دریاؤں کے بند بنانا۔ ڈاہم باندھنا جدید نمونہ کی گودی بنانا۔ اور بنادر مرسینا اور سامسون میں مال اتارنے چڑھانے کے لئے سہولتیں پیدا کرنا بھی داخل ہیں ؛

—— سانٹوڈیجی جزیرہ (امریکہ) ۱۱ مارچ - سان ڈومس کا ایک پیغام مظہر ہے۔ کہ کوہ صراط کے یک بیک نیچے آ جانے سے تین صد اشخاص ملبے کے نیچے دب کر مر گئے۔ اور متعدد مکانات پیوند خاک ہو گئے پہاڑ رات کے وقت یک بیک نیچے آ گرا۔ تا حال ایک سو چالیس نعشیں بر آمد ہو چکی ہیں ؛

—— لنڈن ۱۱ مارچ اس ہفتے برطانیہ میں سائبیریا جیسا موسم رہا۔ ملک کے ہر گوشے میں زبردست برف باری ہو رہی ہے۔ بلکہ بعض جگہ تو ایک ایک فٹ گہری برف کی تہ جمی ہوئی ہے۔ سڑکوں پر آمد و رفت کا سلسلہ بند ہے۔ فصل کا موسم ہونے کے باعث کسانوں کو سخت نقصان پہونچا ہے۔

—— لنڈن ۱۳ مارچ - کپتان ہنکلے نے آج سمندر کو پرواز کی کوشش کی۔ مشین سمندر میں غرقاب ہو گئی۔ فوراً امداد کا بندوبست کیا گیا۔ مگر ہنوز کچھ پتہ نہیں چلا ؛

—— ڈیجی ۱۳ مارچ - شہنشاہ شہریار اور ملکہ افغانستان نے آج ساحل انگلستان پر نزول فرمایا۔ سرکاری طور پر عظیم الشان استقبال اور بے نظیر خیر مقدم کیا گیا۔ شہزادہ ولیعہد انگلستان ڈیوک گارڈز کی فوجی وردی پہنے ہوئے استقبال کیلئے موجود تھے۔ اسوقت باجہ افغانوں کا قومی گیت گا رہا تھا۔ گارڈ آف آنر کا ملاحظہ فرمانے کے بعد جلالتمآب نے ڈوور کا سپاسنامہ قبول فرمایا۔ لنڈن کے وکٹوریہ سٹیشن پر شاہ جارج اور ملکہ میری یارک اور کناٹ کے شہزادوں اور انکی بیگموں کے ہمراہ استقبال کیلئے موجود تھے۔ شاہ جارج پنجم نے جو فیلڈ مارشل کا لباس پہنے ہوئے تھے پرتپاک خیر مقدم کیا۔ ملکہ معظمہ نے ملکہ ثریا سے مصافحہ کیا۔ اس کے بعد...

محمد اعظم [illegible] نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپ کر مالکان کے لئے قادیان سے شائع کیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ کے فرمودہ درس قرآن شریف سے نوٹ

قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○

وہی ہے۔ جس نے تم کو پیدا کیا۔ اور تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنایا۔ مگر تم تھوڑا ہی شکر کرتے ہو ؎

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○

اسی نے تم کو پیدا کیا زمین میں۔ اور اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے ؎ منکروں نے کسی بات سے نصیحت حاصل نہ کی۔ اور اعتراض کرنے کے لئے آخری بات پکڑ لی ؎

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

اور کہنے لگے اچھا ہم تباہ ہو جائیں گے کب ہوں گے اگر تم سچے ہو۔ تو بتاؤ ؎

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۠ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○

تو کہدے مجھے علم نہیں۔ اِس بات کا علم اللہ ہی کو ہے۔ مجھے صرف اتنا بتایا گیا ہے۔ کہ ایسا ہوگا اور میں تو تمہیں سمجھانے آیا ہوں۔ عذاب دینا خدا کا کام ہے۔ میرا نہیں ؎

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بھی لوگ اعتراض کرتے۔ کہ اگر مخالفت سے عذاب آتا ہے۔ تو وقت گھنٹہ منٹ بتاؤ ؎

فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ○

جب اسے قریب آیا دیکھیں گے تو کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے۔ اس وقت انھیں کہا جائے گا۔ یہ ہے جو تم مانگتے تھے ؎

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○

کہو۔ اب بتاؤ تو سہی اللہ اگر مجھے اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کرے یا رحم کرے تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون بچائیگا۔ فرمایا:۔ میرا اور میرے ساتھیوں کا انجام اچھا ہو۔ یا بُرا۔ اسے تو جانے دو۔ یہ دیکھو تمہارا انجام کیا ہونیوالا ہے۔ تم پر جو عذاب آنے والا ہے۔ اس سے بچو ؎

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ

کہو وہی رحمان ہے جس پر ہم ایمان لائے ہیں۔ اور اسی پر ہمارا توکل ہے ؎

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ

ہدایت رحمانیت کے ساتھ آتی ہے۔ اور جب ہم نے اپنے آپ کو رحمان کے سپرد کر دیا۔ تو پھر ممکن نہیں۔ کہ ہم گمراہ ہوں۔ عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ کہ کون کھلی گمراہی میں ہے ؎

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ○

کہو۔ اگر پانی سوکھ جائے۔ تو کون لاتا ہے بہنے والا پانی کہاں سے آتا ہے۔ اللہ ہی بھیجتا ہے۔ پھر جب تم یہ پانی پیدا نہیں کر سکتے۔ جس کے ذخائر دنیا میں موجود ہیں۔ تو وہ پانی جو خدا کے قبضہ میں ہے اس کے لئے کس طرح کہتے ہو کہ ایک دفعہ مل چکا۔ آیندہ ہم خود بخود دنیا لیا کرینگے۔ یعنی اب ہمیں وحی اور الہام کی ضرورت نہیں۔ ہم خود اپنے لئے مفید باتیں نکال سکتے ہیں ؎

## سورۃ القلم رکوع اول

پچھلی سورۃ کی آخری آیت قل ارأیتم ان اصبح ماؤکم غورا فمن یاتیکم بماءٍ معین میں خدا تعالیٰ نے یہ بتایا تھا۔ کہ جب الہام کا پانی سُوکھ جاتا ہے۔ تو خدا ہی لاتا ہے۔ اس مضمون کی مناسبت سے اس سورۃ میں الہام کے متعلق فرماتا ہے ؎

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کہو اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بار بار رحم کرنے والا اور مہربان ہے ؎

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○

قسم ہے نٓ کی اور قسم ہے قلم کی اور اس کی جس کو وہ لکھتے ہیں۔

نون حروف تہجی میں سے ایک حرف ہے۔ اس لحاظ سے ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ جس طرح پہلے بعض حروف کو اللہ تعالےٰ نے بطور شہادت پیش کیا۔ اسی طرح نون کو کیا ہے۔ لیکن نون لفظ بھی ہے۔ جس کے معنے دوات اور مچھلی کے ہیں۔ چونکہ آگے قلم کا لفظ ہے۔ اور مچھلی اور قلم کا آپس میں کوئی جوڑ نہیں ۔۔ اس لئے یہ معنے ہوئے۔ کہ دوات اور قلم اور وہ جو لکھا جاتا ہے۔ اس کی قسم۔ کس بات کے لئے قسم ؎

مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ

تو اپنے رب کی نعمت سے مجنون نہیں ؎

یہ نہ صرف رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے کی دلیل ہے۔ بلکہ آپ کے خاتم النبیین ہونے کی بھی دلیل ہے۔ اور اس میں کئی پیشگوئیاں ہیں:۔

(۱) یہ کہ رسول کریم صلے اللہ [illegible] کی رسالت کے بعد تحریر کا کام بہت بڑھ جائے گا۔ اگر یہ پیشگوئی کو [illegible] دستانی کرتا۔ تو کہتے قیاس سے اس نے یہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہدی ۔ کیونکہ ان ممالک میں علم کا چرچا بڑھ رہا تھا۔ مگر یہ اس ملک میں کہا جا رہا تھا جہاں پڑھنا لکھنا لوگ معمولی نہیں بلکہ ادنےٰ بات سمجھتے تھے۔ اور اسے ذلیل پیشہ قرار دیتے تھے۔ اور نہ لکھنے کو فخر سے بیان کرتے تھے۔ چند آدمی سیاسی ضروریات کے لئے لکھنا سیکھتے تھے۔ ورنہ شرفاء کے لئے یہ کام پسند نہ کیا جاتا تھا پس وہ ملک جہاں تحریر کا کام ذلیل چیز سمجھی جاتی تھی۔ جہاں علمی باتیں زبانی یاد رکھنا فخر سمجھا جاتا تھا۔ اور سوائے ان معاہدوں کے جو دشمن سے ہوں۔ کسی اہم بات کا لکھنا ناپسند کیا جاتا تھا۔ وہاں تحریر کے متعلق ایسی قوم میں پیشگوئی کرنا کہ یہ بہت ترقی کر جائے گی۔ یہ خدا کا ہی کام ہو سکتا ہے۔ ایا اس زمانہ میں ۔ پریس نے نٓ والقلم کو انتہا تک پہنچا دیا ؁

اس پیشگوئی سے یہ مراد تھی ۔ کہ ایک زمانہ آئے گا۔ جب ہر قسم کے علوم میں ترقی ہو جائے گی۔ اور ان علوم کے ذریعہ نبی کی صداقت ثابت ہوگی۔ چنانچہ موجودہ زمانہ میں علم قانون ۔ علم فلسفہ ۔ علم الاخلاق ۔ علم دیانت ۔ علم سائنس وغیرہ سان کے ذریعہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کو جب پرکھا جاتا ہے ۔ تو اس طرح آپؐ کی صداقت ثابت ہوتی ہے ؁

پس جب خدا تعالیٰ نے یہ فرمایا :۔ نٓ والقلم وما یسطرون تو اس سے یہ بتایا ۔ کہ ان علوم کی کتابیں کثرت سے لکھی جائیں گی۔ مختلف علوم جن سے نبوت کو پرکھا جا سکتا ہے ۔ ان پر کتابیں لکھی جائیں گی۔

تو فرمایا :۔ ہم اب جبکہ لکھنے کے کام کو کوئی وقعت حاصل نہیں۔ بلکہ ادنیٰ کام سمجھا جاتا ہے ۔ اس رسول کی شہادت کے طور پر دوات اور قلم اور اس سے جو لکھا جائے گا ۔ پیش کرتے ہیں ۔ کہ اس سے یہی ثابت ہو گا ۔ تو بڑا عقلمند ہے ۔ اور کوئی عقلمند تجھے مجنون نہ کہے گا ؁

آگے فرمایا :۔

| | |
|---|---|
| وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ | اور تیرے لئے بہت بڑا اجر ہو گا ۔ جو کبھی کٹے گا نہیں |
| وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ | تیسرے یہ کہ تجھے کوئی شخص جھوٹا اور فریبی نہ کہہ سکیگا ۔ |

تیرے اخلاق کی عظمت سب کو تسلیم کرنی پڑے گی ؁

اس آیت کو اگر ایک طرف رکھا جائے ۔ اور پچھلی تین صدیوں میں جو یورپ میں رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لائف اور اسلام کا حال لکھا گیا ہے ۔ اسے دوسری طرف رکھا جائے ۔ تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس کا نقشہ ہے ۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک زمانہ میں (نعوذ باللہ) پاگل اور بدترین مخلوق قرار دیا گیا ۔ اور ڈیڑھ سو سال تک ایسا ہی لکھا جاتا رہا ۔ لیکن جوں جوں علم کی تحقیقات ہوتی گئی ۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی لائف پر غور کیا گیا تو لوگوں میں آپ کے متعلق موازنہ کی تحریک پیدا ہوئی ۔ انھوں نے یہ دیکھنا شروع کیا ۔ کہ حضرت موسیٰؑ نے کیا کیا ۔ اور حضرت عیسیٰؑ نے کیا ۔ اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کیا ۔ جب اس طریق سے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا موازنہ کیا گیا ۔ تو لوگوں نے کہدیا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جھوٹا آدمی نہ تھا ۔ انہوں نے پادریوں کی باتوں کا انکار کر دیا ۔ اور کہدیا تم جھوٹے ہو ۔ وہ انسان جھوٹا نہیں ۔ جیسے تم جھوٹ کہتے ہو ۔ اسپر پادری گھبرا گئے ۔ اور پھر وہ [illegible] لکھنے لگے ۔ اس وقت ہر پادری جو کتاب لکھتا ۔ وہ یہ لکھتا آپ جھوٹے نہ تھے ۔ مگر آپ کے دماغ میں نقص تھا۔ مگر پہلے دور ترقی کے بعد جب خدا تعالےٰ نے اور علوم نکلوائے ۔ اور بڑے بڑے سائنس دان جوان علوم کے ماسٹر کہلاتے تھے ۔ انھوں نے شہادت دی کہ محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے دماغ میں کوئی نقص نہ تھا ۔ بلکہ بے نظیر دماغ تھا ۔ کیونکہ جو کچھ اس نے بتایا ۔ وہ اب علوم کی تحقیقات سے ثابت ہو رہا ہے ۔ چنانچہ ایک شخص کاک نے شہادت دی ۔ کہ میں نے جب دیکھا کہ کتے کے متعلق محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے لکھا ہے ۔ اگر کسی برتن میں کتا منہ ڈالے ۔ تو اسے مٹی سے دھونا تو مجھے خیال آیا ۔ کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یونہی نہیں کہنے والا ۔ ضرور ہے ۔ کہ مٹی میں ایسا جزو ہو ۔ جو کتے کے زہر کا علاج ہو ؁

اس بات کو مدنظر رکھ کر جب میں نے تحقیقات کی ۔ تو یہ بات ثابت ہو گئی ۔

اس قسم کے لوگوں نے جب لکھا ۔ کہ محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہرگز مجنون نہیں تھا بلکہ اعلےٰ دماغ رکھنے والا تھا ۔ تو اب موجودہ روشن اہل یورپ کی یہ رائے ہے ۔ کہ کہتے ہیں ۔ سارے مذاہب میں سچائی ہے ۔ حضرت عیسیٰؑ نے بعض سچائیاں بیان کیں ۔ حضرت موسیٰ نے بھی بعض صداقتیں ظاہر کیں ۔ اسی طرح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی صداقتیں ظاہر کیں ۔ گویا اب تک یہ دو درجے تو ثابت ہو گئے کہ (۱) آپ مجنون نہ تھے (۲) جھوٹے نہ تھے ۔ اب تیسری بات رہ گئی ۔ جو ان لک لاجراً غیر ممنون میں بیان کی گئی ہے اور یہ ختم نبوت ہے ۔ دیگر مذاہب والے کہتے ہیں ۔ سب مذاہب میں سچائیاں تھیں اور اسلام میں بھی سچائیاں ہیں ۔ ہم کہتے ہیں ۔ ٹھیک ہے ۔ مگر باقی سب مذاہب کی سچائیاں کٹ جانے والی ہیں ۔ صرف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باقی رہیں گی ؁

اب اس بات کا ثابت کرنا احمدیوں کا کام ہے ۔ چنانچہ کام شروع ہو چکا ہے ۔ اور اگرچہ بہت تھوڑا عرصہ ہوا ہے ۔ مگر لوگ اس کا اقرار کر رہے ہیں ؁

ان تینوں باتوں کی ترتیب میں یہ حکمت ہے ۔ چونکہ مجنون پر کوئی الزام نہیں ہوتا اس لئے جرائم میں سے مجنون ہونے کو پہلے بیان کیا اور جھوٹا ہونا بڑا جرم ہے ۔ اس لئے اسے بعد میں رکھا ۔ کہ یہی اسلوب کلام ہے ۔ مثلاً کسی بیماری کے متعلق ذکر ہو ۔ تو یہی کہیں گے ۔ کہ اسے ملیریا ہے ۔ یا سل ہے ۔ معمولی بیماری کا پہلے ذکر ہوتا ہے ۔ اور سخت کا بعد میں ۔ اسی لحاظ سے یہاں بیان کیا گیا ؁

پھر ان لک لاجراً غیر ممنون کو انک لعلیٰ خلق عظیم سے پہلے اور ما انت بنعمۃ ربک بمجنون کے بعد یعنی ان دونوں کے درمیان اس لئے رکھا ۔ کہ بتلائے ۔ ایک زمانہ میں دنیا کثرت سے آپ کو جھوٹا اور مجنون کہے گی ۔ اس وقت بھی ختم نبوت کے قائل ہوں گے ۔ اور جب کثرت سے ماننے والے ہونگے اس وقت بھی اس عقیدہ کے ماننے والے ہوں گے چونکہ اس بات نے ہمیشہ چلنا تھا ۔ اس لئے دونوں زمانوں کے درمیان رکھا ؁

| | |
|---|---|
| فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ۙ بِاَييِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ۝ | پس ضرور تو بھی دیکھے گا ۔ اور وہ بھی دیکھیں گے ۔ کہ کون تم میں سے مفتون ہے ۔ یعنی جوں جوں زمانہ گذرے گا ۔ مخالفین |

کو پتہ لگتا جائے گا ۔ کہ خدا کی مدد تیرے ساتھ ہے ۔ اور ان پر خدا کا عذاب نازل ہو گا ؁

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# سورۃ القلم بقیہ رکوع اول

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ

تیرا رب یقیناً سب سے زیادہ جانتا ہے اسے جو اس کے راستہ سے گمراہ ہوا۔ اور وہ ہدایت یافتوں کو بھی سب سے زیادہ جانتا ہے ؛

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ

پس جو طریق خدا بیان کرتا ہے وہی ہدایت کا راستہ ہے مکذّبین کا کہنا نہیں ماننا چاہیئے ؛

اللہ تعالےٰ کچھ کہتا ہے۔ اور بعض لوگ کچھ اور کہتے ہیں۔ اور سمجھتے ہیں۔ اس طرح کامیاب ہو جائیں گے۔ مثلاً خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ ہر مامور کے وقت علیحدہ خصوصیت رکھو۔ مگر بعض لوگ سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ آج کل بھی بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہمیں دوسروں کے ساتھ مل جانا چاہیئے۔ اور اپنی خصوصیّت ترک کر دینی چاہیئے اسی طرح ہم کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ورنہ نہیں۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ جو خدا کی طرف سے ہدایت پانے والے ہیں۔ وہ ردّ کرنے والوں اور نبی کی تکذیب کرنے والوں کی بات نہ مانیں

یہاں ایک عجیب بات نکلتی ہے۔ یہاں مکذبین کی بات نہ ماننے کے لئے کہا گیا ہے۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی اپنے منکروں کا نام مکذب ہی رکھا ہے۔ یہ کون لوگ ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ جو نبی کو جھوٹا اور کذّاب کہیں۔ دین کے بارے میں کوئی ان کی اطاعت نہیں کر سکتا۔ پھر کیسے مکذبوں کا یہ ذکر ہے کہ انکی بات نہ مانو دراصل یہاں ایسے لوگوں کا ذکر ہے۔ جو ظاہر میں مکذب نہیں نظر آتے۔ مگر دراصل مکذب ہوتے ہیں ؛

وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ

وہ چاہتے ہیں۔ کہ اگر تو کچھ دین کے بارے چھوڑ دے تو وہ بھی چھوڑ دیں ؛

یہ بات وہ لوگ کہاں کہتے ہیں۔ جو سامنے تکذیب کریں۔ یہ در پردہ تکذیب کرنے والے ہی کہتے ہیں ؛

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ

فرمایا ایسے مکذبوں کے علاوہ ایک اور شخص ہوتا ہے۔ اور وہ منافق ہوتا ہے۔ پہلا شخص تو وہ تھا۔ جو ایمان نہ لایا تھا۔ مگر ظاہر کرتا تھا۔ کہ کئی باتیں تسلیم کرتا ہوں۔ ایسے انسان کے دھوکہ میں بھی انسان آ جاتا ہے۔ لیکن ایک وہ ہوتا ہے۔ جو ایمان لے آنے کا دعوےٰ کرتا ہے۔ یہ منافق ہوتا ہے۔ اس کی باتوں سے بھی دھوکہ لگ جاتا ہے۔ ایسے انسان کی بات بھی نہیں ماننی چاہیئے۔ تو فرمایا قسم کھانے والے کی بات نہ مان ؛

حلاف :۔ کون ہوتے ہیں۔ حلف اُٹھانے کی ضرورت سوائے عدالت کے اسی کو پیش آتی ہے۔ جس کا عمل فعل کے خلاف نظر آتا ہے۔ ایسا شخص فعل تو وہ کرتا ہے جس سے دشمنی کا ثبوت ملتا ہے۔ مگر قسم کھا کر کہتا ہے۔ نہیں وفادار ہوں۔ گویا وفاداری کی تائید قسم سے کرتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ ایسے لوگوں کی بات نہ مان۔ کیونکہ بے ضرورت وہی لوگ حلف اُٹھاتے ہیں۔ جن کا عمل قول کے مطابق نہیں ہوتا ؛

پھر فرمایا :۔ مھین۔ ایسا انسان ذلیل ہے۔ اس کے دل میں کچھ ہوتا ہے مگر قسم کھا کر کچھ ظاہر کرتا ہے ؛

هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ

سامنے تو ایسا ذلیل بن جاتا ہے کہ گویا اس کے مُنہ میں زبان ہی نہیں اور اس طرح اپنے آپ کو دکھاتا ہے۔ کہ بڑا مخلص ہے۔

ھماز :۔ مگر علیحدہ جا کر عیب چینیاں کرتا ہے۔ اگر کوئی بات اس سے کی جائے۔ تو لوگوں تک پہنچاتا ہے۔ اور اپنی طرف سے اس میں باتیں ملا ملا کر فتنہ انگیزی کرتا ہے

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ

ایسا شخص عام طور پر چندہ دینے میں سست ہوتا اور خدمت دین سے رکتا ہے۔ اور نہ صرف خود رکتا ہے۔ بلکہ دوسروں کو بھی روکتا ہے ؛

ہماری جماعت میں بھی جہاں جہاں ایسے لوگ ہیں۔ وہ خود بھی چندہ نہیں دیتے اور دوسروں کو بھی روکنے لگ جاتے ہیں۔ جہاں تحریک ہوئی۔ کہ فلاں کام کے لئے چندہ دو۔ کہہ اُٹھتے ہیں۔ بھئی سختی نہ ہونی چاہیئے۔ آج کل لوگوں کو مشکلات ہیں

معتد :۔ حدود سے نکل جانے والا۔ انتظام کا احترام نہ کرنے والا۔

اعتدا :۔ بعض دفعہ محبت کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ یہ بھی قابل سزا ہوتی ہے۔ مگر اتنی نہیں۔ جتنی گناہ گاری کی اعتدا ہوتی ہے۔ یہاں گناہ گاری کی اعتدا کرنیوالے کا ہی ذکر ہے ؛

عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ

پیٹو ہے۔ اُسے ہر وقت کھانے کی فکر رہتی ہے۔ پھر طبیعت کا سخت ہوتا ہے۔ گالی گلوچ بھی دیتا رہتا ہے۔ ان تمام عیوب کی موجودگی میں زنیم کمینہ بھی ہوتا ہے۔ بعض مجرم ایسے ہوتے ہیں۔ جو جرم کرتے ہیں۔ مگر ان میں وقار بھی پایا جاتا ہے انہی دنوں اخبارات میں ایک خبر شائع ہوئی ہے :۔ "۱۱ر نومبر کو مسٹر ایس۔ ڈبلیو باب ڈپٹی مجسٹریٹ الہ آباد کی عدالت میں ڈکیتی کا ایک مقدمہ پیش ہوا۔ جس میں رام سیوک نے اپنی شہادت میں بیان کیا۔ کہ گذشتہ ماہ بھاگ میں میرا خاوند گھر میں موجود نہ تھا۔ ڈاکو میرے مکان میں داخل ہو گئے۔ اور مجھ سے چابیاں لیکر مکان کو لوٹنے لگے۔ جب انہوں نے ایک آہنی الماری کو توڑ کر زیورات اور نقدی نکالی تو میری دونوں چھوٹی لڑکیاں جو پہلے خوف سے چھپ گئی تھیں اپنے زیورات کے لئے زار و زار رونے لگیں۔ ڈاکوؤں کے سردار کو ان کے رونے پر رحم آ گیا۔ اور اس نے ان کا زیور واپس دلوا دیا۔ گواہ جنر نے ملزم کو شناخت کر لیا۔ اور کہا کہ یہی ڈاکوؤں کا سردار تھا" ؛

پھر زنیم کے یہ بھی معنے ہیں کہ کسی قوم میں شامل نہیں ہوتا۔ یونہی آ کر مجلس میں گھسا رہتا ہے ؛

أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ

اس کی ساری باتوں کی بنا اس پر ہوتی ہے۔ کہ اس کے پاس مال ہے اولاد ہے ؛

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ

جب اس کے سامنے آیتیں پڑھی جاتی ہیں۔ ہمارے نشانات پیش کئے جاتے ہیں۔ اور ہمارا کلام سنایا جاتا ہے۔ تو کہہ دیتا ہے پہلے لوگوں کے قصّے کہانیاں [illegible] ؛

سَنَسِمُهُ [illegible] الْخُرْطُومِ

یہ تکبر کرتا ہے۔ ناک کا لفظ عزت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور تکبر کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً شاعر کسی کی تعریف کرے۔ تو کہتا ہے۔ یہ بڑے ناک والے ہیں۔ چونکہ وہ خدا کے کلام کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ اس لئے فرمایا ہم اس کے ناک پر داغ لگائیں گے۔ یہ محاورہ ہے۔ مطلب یہ ہے۔ کہ ذلیل کریں گے۔ یہ نہیں۔ کہ ناک پر لوہا گرم کرکے داغ لگایا جائے گا ؞

## بقیہ رکوع اوّل

اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَاۤ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۙ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝

یہ ایک مثال بیان ہوئی ہے جو ہمارے لئے بہت کچھ سبق رکھتی ہے۔ اور اسلام کے متعلق پیشگوئی بھی ہے۔ اس کے متعلق جو مفسرین لکھتے ہیں۔ وہ عجیب و غریب قصہ ہے۔ اس قرآن شریف کے حاشیہ پر بھی لکھا ہے: "پانچ بھائی تھے۔ ان کا باپ چھوڑ گیا ایک باغ میووں کا۔ اس کی پیدائش سے سارا گھر آسودہ تھا۔ جس دن ٹھیراتا میوہ توڑتا۔ شہر کے فقیر سب جمع ہو آتے۔ سب کو کچھ کچھ دیتا۔ اس سے برکت تھی۔ پیچھے بیٹوں نے سمجھا کہ اتنا جو فقیر لے جاتے ہیں۔ اپنے ہی کام آوے۔ مشورہ کیا۔ کہ سویرے توڑ کر گھر لے آویں۔ فقیر جاویں گے۔ وہاں کچھ نہ پاویں گے۔ اور ایسا یقین کہ انشاءاللہ بھی نہ کہا۔" (ترجمہ شاہ رفیع الدین) کہا جاتا ہے۔ جب وہ گئے۔ تو پھل غائب تھے ؞

میرا اپنا یہ خیال ہے۔ کہ یہ واقعہ ایک مثال کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ اس حکایت کو اگر ہم تسلیم کریں۔ جو مفسرین لکھتے ہیں۔ تو اس کے معنی یہی ہوں گے۔ کہ وہ بھی مثال ہی ہے۔ نہ کہ واقعہ میں ایسا تھا۔ کیونکہ ایسے باغ کا میوہ جو اتنا بڑا تھا۔ کہ شہر کے سارے غریب اور محتاج پل رہے تھے۔ اس کا میوہ ایک رات میں توڑ لیں۔ کوئی عقل تسلیم نہیں کرسکتی۔ اس کے لئے بیسیوں مزدوروں اور کئی دنوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ مدینہ کے معمولی باغ تھے۔ احادیث سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ صحابہ میوہ توڑنے کے لئے نوکریاں کرتے تھے۔ مگر وہ اتنا بڑا باغ کہ جس کا ذکر قرآن کریم میں آئے۔ اس کا میوہ ایک ہی رات میں توڑنے کے لئے صرف پانچ آدمی جائیں۔ اس کی دو ہی صورتیں ہوسکتی ہیں۔ یا تو یہ کہ کوئی تاریخی باغ ہو۔ بعض ایسے باغ تھے۔ جیسے عراق میں تھا۔ ایسے تاریخی باغ پر تباہی آتی۔ تو وہ تباہی بھی تاریخی بن جاتی۔ پس یا تو ایسا باغ ہو تسلیم کرلیں۔ کہ قرآن کریم نے اس کا ذکر کیا ہے۔ مگر ایسا بھی نہیں۔ پھر یہ کہ بہت بڑا باغ ہو۔ مگر یہ باغ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ جس کے متعلق پانچ آدمی خیال رکھتے ہیں۔ کہ آدھی رات جاکر میوہ توڑ لائیں گے۔ میرے خیال میں اس طرح دس کھجوروں کے باغ کا پھل توڑنا مشکل ہے۔ دراصل یہ مثال ہے۔ اور میں تسلیم کرتا ہوں۔ کہ اس میں پانچ کا ہی ذکر ہے۔ وہ کون ہیں۔ یہ دول خمسہ یورپ کی ہیں۔ جنھوں نے اس وقت جبکہ بعض قومیں گر گئی ہیں۔ دنیا کو لوٹنا چاہا ہے۔ لیکن وہ ذرائع جن سے لوٹتے تھے۔ ان میں تباہی شروع ہوگئی۔ اور وہ باغ جلتا نظر آتا ہے۔ سب ملکوں میں بیداری پیدا ہو رہی ہے۔ یورپ کے خلاف اٹھ رہے ہیں۔ یورپ کی دول خمسہ بہت مشہور رہی ہیں۔ وہ پانچ ہی ہیں۔ جنھوں نے دنیا کو لوٹنا چاہا ؞

انا بلونھم کما بلونا اصحب الجنۃ۔ اذا قسموا لیصرمنھا مصبحین ولا یستثنون۔ یہ بھی مثال ہے۔ اس میں بتایا کہ خدا بعض کو دولت دیتا ہے۔ وہ جتھا بنا لیتے ہیں۔ اور سمجھتے ہیں۔ آپ ہی سب کچھ لے لیں گے اور دوسروں کو تباہ کر دیں گے۔ مگر خدا خود ان کو تباہ کر دیتا ہے۔ اگر یہاں مراد پہلوں کو لے لیں۔ تو یہ معنے ہوں گے۔ کہ جس طرح پہلوں کو تباہ کیا۔ اسی طرح اس رسول کے مخالفین کو تباہ کیا جائے گا۔ اور اگر آئندہ آنے والوں کو لیا جائے۔ تو یہ معنے ہوں گے۔ کہ جس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت ہوا۔ اسی طرح اب ہو گا ؞

فرمایا: ہم نے ان کی آزمائش کی۔ جیسے باغ والوں کی کی تھی۔ جب انہوں نے یہ منصوبہ کیا۔ کہ سویرے سویرے ہی کاٹ لیں۔ اور یہ نہ کہا۔ کہ خدا کی مرضی ہوگی۔ تو ایسا ہو گا ؞

فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝

پس وہ غفلت میں ہی تھے۔ کہ ان کی تباہی کے سامان پیدا ہوگئے۔ ان پر ان کے رب کی طرف سے عذاب آگیا۔ اور وہ غافل پڑے سوتے تھے۔

فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۙ

جب انہوں نے یہ نیت کی کہ ساری دنیا آپس میں تقسیم کرلیں۔ چنانچہ گذشتہ جنگ سے پہلے یورپ کی ان دول خمسہ نے ساری دنیا آپس میں بانٹ لی تھی مگر جب فائدہ اٹھانے کا وقت آنے لگا۔ تو تباہی شروع ہوگئی ؞

گذشتہ جنگ کی اصل بنیاد افریقہ کی تقسیم تھی۔ پھر یہ جنگ بڑھتے بڑھتے بانٹنے والوں کی تباہی کا باعث ہوگئی۔ تو فرمایا۔ جب جڑھ سے باغ کٹ گیا۔ تو

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ۝

ایک دوسرے کو پکارنے لگے ؞

اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صَارِمِيْنَ ۝

ادھر ان کے لئے سامان تباہی پیدا ہو رہے تھے مگر انکو پتہ نہ تھا۔ انھوں نے کہا۔ جلدی لوٹ لو۔ یہ ہماری ہی ملکیت ہے ؞

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ

یہ منصوبہ کرکے وہ لوٹنے چلے۔ اور آہستہ آہستہ خفیہ معاہدے کر رہے تھے ؞

اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ

کہہ رہے تھے کسی پر رحم نہ کرنا۔ کوئی حصہ دول یورپ سے باہر نہ جائے

وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ

سویرے سویرے چلے اس بخل کا ارادہ کئے ہوئے۔ یا یہ کہ اپنے مقصد کا فیصلہ کرکے چل پڑے۔ یا یہ کہ غصہ کا اظہار کرکے چل پڑے۔ کہ دوسروں کو کچل دینا ہے۔

فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْۤا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ

وہاں دوسروں کو لوٹنے لگے تھے کہ لڑائی آپس ہی میں شروع ہوگئی۔ جب انھوں نے یہ دیکھا۔ تو کہا۔ ہم گمراہ ہوگئے۔ مگر گمراہ کیا ہونا تھا ؞

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝

بلکہ محروم ہوگئے۔ سب کیا کرایا رہ گیا اور انکی اپنی ہی تباہی شروع ہوگئی ؞